صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ

ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد 25 | شمارہ: 44 | 27 اکتوبر تا 02 نومبر 2025ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

طورخم اور چمن پر 495 گاڑیاں سرحد پار کرنے کی منتظر ہیں FBR

سرحدی مقامات پر کسٹمز عملہ موجود ہے، سرحد کھلنے اور صورت حال معمول پر آنے کے بعد کلیئرنس کا عمل فوراً بحال کر دیا جائے گا

درآمد کنندگان نے تاحال گڈز ڈیکلریشن جمع نہیں کرائی ہیں، ان گاڑیوں میں کپڑا، پینٹ، مونگ پھلی اور دالوں جیسی خراب نہ ہونے والی اشیا لدی ہوئی ہیں، ایف بی آر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کہا ہے کہ اس وقت ٹرانزٹ کھیپوں کی تقریباً 495 گاڑیاں طورخم اور چمن پر سرحد پار کرنے کی منتظر ہیں۔ایف بی آر نے بتایا کہ پاکستان اور افغانستان کی دوطرفہ تجارت سیکیورٹی خدشات کے باعث عارضی طور پر معطل ہے، دوطرفہ تجارت معطل ہونے سے پہلے کسٹمز حکام نے طورخم، غلام خان، خرلاچی اور انگور اڈہ بارڈر کراسنگ پر 363 درآمدی گاڑیوں کی کلیئرنس کر لی تھی۔ بیان میں کہا گیا کہ طورخم پر 23 درآمدی گاڑیاں کلیئرنس کی منتظر ہیں جن کے درآمد کنندگان نے تاحال گڈز ڈیکلریشن جمع نہیں کرائی ہیں، ان گاڑیوں میں کپڑا، پینٹ، مونگ پھلی اور دالوں جیسی خراب نہ ہونے والی اشیا لدی ہوئی ہیں۔ایف بی آر نے بتایا کہ درآمد کنندگان کی جانب سیگڈز ڈیکلریشن جمع کرائے جانے کے فوراً بعد کسٹمز حکام کلیئرنس مکمل کر لیں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

علاقائی روابط کے فروغ سے معاشی اور تجارتی انقلاب آئے گا، وزیراعظم

ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس

ٹرانس افغان ریلوے اور اسلام آباد، تہران، استنبول ریلوے کوریڈور پر کام کر رہے ہیں

یہ منصوبے معاشی طاقت کو یکجا کر کے تجارت، معاشی تعاون اور توانائی کے اشتراک کے ایک نئے دور کا آغاز بنیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ٹرانس افغان ریلوے اور اسلام آباد، تہران، استنبول ریلوے کوریڈور پر کام کر رہے ہیں، علاقائی روابط میں اضافے سے معاشی اور تجارتی شعبے میں انقلاب آئیگا، وسط ایشیائی ممالک کے ساتھ ہوائی روابط میں بہتری اور ٹی آئی آر کنونشن جیسے فریم ورک بھی ہمارے علاقائی تعاون کو مضبوط بنا رہے ہیں۔ یہ عظیم منصوبے خطے کے ممالک کی معاشی طاقت کو یکجا کر کے تجارت، معاشی تعاون اور توانائی کے اشتراک کے ایک نئے دور کا آغاز بنیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس کی اختتامی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کانفرنس میں 20 سے زائد ممالک کے مندوبین نے شرکت کی۔ وزیراعظم نے کہا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

پاک افغان جنگ کے باعث سرحدی گزرگاہ بند ہونے پر ٹرک طورخم بارڈر کے قریب کھڑے ہیں

افغانستان کا چترال سے نکلنے والا دریائے کنڑ پر ڈیم بنانے کا اعلان

دریائے کنڑ چترال سے نکلتا ہے، ڈیم بنانے کیلئے غیر ملکی کمپنیوں کے ساتھ معاہدے کیے جائیں

تقریباً 482 کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد دریائے کابل میں شامل ہو کر واپس پاکستان آتا ہے

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان میں برسر اقتدار طالبان حکومت کے سپریم لیڈر ملا ہبۃ اللہ اخوندزادہ نے اپنی وزارت توانائی کو دریائے کنڑ پر جلد از جلد ڈیم کی تعمیر شروع کرنے کا حکم دے دیا۔ افغان طالبان حکومت کے ڈپٹی انفارمیشن اینڈ کلچر منسٹر فاریب پبلیکیشن لیکشن مہاجر فراہمی نے ایکس پر جاری بیان میں لکھا لکھا کہ ملاہبۃ اللہ اخوندزادہ نے کہا ہے کہ ڈیم کیلئے میں ملکی کمپنیوں کے ساتھ معاہدے کیے جائیں اور غیر ملکی کمپنیوں کا انتظار نہ کیا جائے۔ اس حوالے سے پانی اور توانائی کے وزیر ملا عبداللطیف منصور نے کہا افغانوں کو اپنے پانی کا انتظام خود کرنے کا حق ہے اور یہ تاریخی فیصلہ قومی ذخائر کو سنبھالنے کے لیے افغانوں کے مضبوط ارادے کو ظاہر کرتا ہے۔ واضح رہے دریائے کنڑ چترال سے نکلتا ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

حکومت نے گندم خریداری کا منصوبہ تیار کر لیا

عبوری پالیسی سفارشات آئندہ ہفتوں کے دوران کابینہ کو پیش کی جائیں گی، حکومت مجموعی طور پر 6.25 ملین میٹرک ٹن گندم خریدے گی، عبوری گندم پالیسی کے ڈرافٹ کو حتمی شکل دے دی گئی

حکومتیں نجی شعبے کے ذریعے گندم خریدیں گی، گندم کی قیمت خرید 3500 روپے فی من مقرر، بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمت بڑھے گی تو پاکستان میں بھی قیمت بڑھا دی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے گندم خریداری کا منصوبہ تیار کر لیا جب کہ رواں سال کے لیے عبوری گندم پالیسی کے ڈرافٹ کو حتمی شکل دے دی گئی۔ ذرائع وزارت فوڈ سیکیورٹی نے کہا کہ عبوری پالیسی کی سفارشات آئندہ ہفتوں میں وفاقی کابینہ کو پیش کی جائیں گی، حکومت مجموعی طور پر 6.25 ملین میٹرک ٹن گندم خریدے گی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی اور صوبائی حکومتیں کاشتکاروں سے براہِ راست خریداری نہیں کریں گی، وفاقی و صوبائی حکومتیں نجی شعبے کے ذریعے گندم خریدیں گی، نجی سیکٹر رواں سال گندم خریداری کا عمل انجام دے گا۔ ذرائع نے کہا کہ وفاق 1.5 ملین ٹن گندم خریدے گا، پنجاب 2.5 ملین ٹن گندم خریداری کرے گا، سندھ ایک ملین ٹن گندم خریدے گا، خیبر پختونخوا 7.5 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر

یوٹیوب پر جا کر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں

اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں

info@tijaratnews.tv 0307-0610770

SUBSCRIBE NOW

TIJARAT NEWS

YouTube

ٹیکس فراڈ: ملوث تاجروں کی گرفتاری سے قبل مشاورت ہوگی، ایف بی آر

سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 02 آف 2025 کے تحت ایف بی آر نے کاروباری برادری کے نمائندگان کو نامزد کیا ہے

مشاورت کیلئے نامزد کردہ کاروباری و تاجر تنظیموں کے نمائندگان کی فہرست جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس فراڈ میں ملوث تاجروں کی گرفتاری سے قبل تاجر تنظیموں کے نمائندوں سے مشاورت کیلئے نامزد کردہ کاروباری و تاجر تنظیموں کے نمائندگان کی فہرست جاری کر دی ہے۔ ایف بی آر نے جمعرات کو باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جس کے مطابق سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 02 آف 2025 کے تحت ایف بی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

ڈالر کی قیمت میں کمی، انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں روپے کی قدر میں اضافہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں کمی کا رجحان جاری ہے جہاں روپے کی قدر میں معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ایکسپریس نیوز کی رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے پانڈا بانڈز کے بعد یورو بانڈز بھی متعارف کرائے جانے، خام تیل کی عالمی قیمت 3 سال (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

پاک، ایران ریلوے شعبے میں مشترکہ ایکشن پلان پر اتفاق

کوئٹہ، تافتان سیکشن اپ گریڈ ہوگا، حنیف عباسی سے ایرانی وزیر کی ملاقات

دونوں ممالک کا ریلوے آپریشنز اور کمرشل سرگرمیوں میں اشتراک کو مضبوط بنانے کا عزم

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ایرانی وزیر برائے روڈز اینڈ اربن ڈیولپمنٹ فرزانہ صادق نے ملاقات کی، دونوں وزراء نے دوطرفہ ریلوے تعاون، فریٹ آپریشنز اور تجارتی روابط پر تفصیلی گفتگو کی۔ وزیر ریلوے نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان ریلوے تعاون میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، دونوں ممالک کے تعلقات میں نمایاں بہتری آئی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

پاکستانی معیشت زوال کا شکار، غیر ملکی سرمایہ کاروں کے منافع میں ریکارڈ اضافہ

غیر ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے منافع اور ڈیویڈنڈ کی بیرون ملک منتقلی میں تیز اضافہ دیکھا گیا ہے، جس کی شرح 86 فیصد رہی

جولائی تا ستمبر کے دوران غیر ملکی سرمایہ کاروں نے 751.7 ملین امریکی ڈالر کے منافع اور ڈیویڈنڈ واپس اپنے ملک بھیجے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی معیشت روز بروز زوال کا شکار ہے اور ارض وطن سے تعلق رکھنے والے امپورٹرز، صنعتکار، سرمایہ دار اور تاجر ممکن کوشش و جدوجہد کے باوجود بھاری خسارے کا سامنا کر رہے ہیں تو دوسری جانب اس کے عین برعکس انتہائی حیرت انگیز طور پر غیر ملکی سرمایہ کاروں کے منافع میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے۔ رواں سال کی پہلی سہ ماہی (مالی سال 26) میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی جانب سے منافع اور ڈیویڈنڈ کی بیرون ملک منتقلی میں تیز اضافہ دیکھا گیا ہے، جس کی شرح 86 فیصد رہی اور اس کی بڑی وجہ کمپنیوں کی بہتر آمدنی بتائی گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق مالی 3 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

غیر معیاری و ملاوٹ شدہ دودھ بیچنے والی 20 دکانیں سربمہر

دکاندار فارملین ملا دودھ فروخت کر رہے تھے، فارملین ملا دودھ پینے سے انسان کینسر کا شکار بھی ہو سکتا ہے، ڈپٹی کمشنرز کی رپورٹ

دودھ کے نمونے پی ایس کیو سی اے لیبارٹری میں چیک کیے گئے، سیل کردہ دکان بلا اجازت کھولنے پر 50 ہزار روپے جرمانہ عائد

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی انتظامیہ نے فوڈ اتھارٹی کے ساتھ مل کر غیر معیاری اور ملاوٹ شدہ دودھ کی فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا، ضلع وسطی، کورنگی اور ملیر کے ڈپٹی کمشنرز نے مجموعی طور پر 20 دکانیں سربمہر کر دیں، سیل کردہ دکان بلا اجازت کھولنے پر 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ مالک کو گرفتار کر لیا گیا، کمشنر کو پیش کردہ ڈپٹی کمشنرز نے اپنی رپورٹ میں بتایا ہے کہ یہ دکاندار فارملین ملا دودھ فروخت کر رہے تھے جبکہ فارملین ملا دودھ پینے سے انسانی جسم پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں کیونکہ فارملین انسان کے اندرونی اعضا کو نقصان پہنچاتا ہے، علاوہ ازیں اعصابی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

فی اونس سونے کی قیمت 4 ہزار 113 ڈالر کی سطح پر آ گئی

دس گرام کی قیمت 3 لاکھ 71 ہزار 795 روپے ہو گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 18 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 113 ڈالر کی سطح پر آ گئی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمت میں آج بھی اضافہ ہو گیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 18 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 113 ڈالر (باقی صفحہ 03

حکومت کا رمضان المبارک کے لیے جامع قیمت استحکام پلان لانے کا فیصلہ

ای سی سی کا اجلاس، بلدیاتی انتخابات کے لیے 45 کروڑ 59 لاکھ کی ضمنی گرانٹ کی بھی منظوری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے متعلقہ وزارتوں اور صوبائی حکومتوں کو مہنگائی پر قابو پانے کے لیے سفارشات پر مؤثر عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ رمضان المبارک کے لیے جامع قیمت استحکام پلان تیار کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ محمد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

پاکستان کو موصولہ بیرونی فنڈنگ میں 39 فیصد اضافہ

سالانہ بنیاد پر بیرونی فنڈنگ میں 26.47 فیصد کمی، مالیت ایک ارب 30 کروڑ ڈالر ہو گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کو رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران موصولہ بیرونی فنڈنگ 39 فیصد اضافے سے ایک ارب 81 کروڑ 56 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئی۔ وزارت اقتصادی امور حکام کے مطابق ستمبر 2025ء میں سالانہ بنیادوں پر بیرونی فنڈنگ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

گاڑیوں کی درآمدی پالیسی میں ترامیم سمیت 9 نکاتی ایجنڈے پر غور

اجلاس میں سونے، طلائی زیورات، قیمتی پتھروں کی درآمد و برآمد کی اجازت دیئے جانے کا بھی امکان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی آج پرسنل بیکیج، ٹرانسفر آف ریذیڈنس اور گفٹ اسکیم کے تحت گاڑیوں کی درآمدی پالیسی میں ترامیم سمیت نو نکاتی ایجنڈے پر غور کرے گی۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس آج دوپہر ایک بجے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

کسٹم اہلکار 20 کروڑ کے فرنس آئل کی چوری میں ملوث ٹرانسپورٹرز کا الزام

کسٹم کلیکٹر معین الدین وانی اور ڈپٹی کلکٹر وقار سمیت دیگر افسران نے ہماری گاڑیوں کو تحویل میں لیا، 3 گاڑیوں میں موجود فرنس آئل چوری کر کے پانی بھر دیا گیا

غیر سرکاری لوگ اسلحے کے زور پر گاڑیاں تحویل میں لے رہے ہیں، جنھیں کسٹم کے ویئر ہاؤس کے بجائے نامعلوم مقامات پر منتقل کر دیا جاتا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان آئل ٹینکرز اونر ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر شمس شاہوانی کی قیادت میں ٹرانسپورٹرز نے کورنگی، وینا چورنگی پر کسٹم اہلکاروں کے خلاف احتجاج کیا، جس کے باعث ٹریفک کی روانی معطل ہو گئی، اس موقع پر میر شمس شاہوانی سمیت دیگر ٹرانسپورٹر رہنماؤں کا کہنا تھا کہ کسٹم اہلکاروں کی جانب سے کیے جانے والے غیر قانونی اقدامات پاکستانی معیشت پر حملہ ہیں۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

وزیراعظم شہباز شریف کا ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس کے اختتامی اجلاس کے موقع پر شریک ممالک کے وزرا کیساتھ گروپ فوٹو

اقتصادی رابطہ کمیٹی سونے کی بین الاقوامی تجارت بحال کرنے کا فیصلہ

اشیائے ضروریہ کی بڑھتی قیمتوں پر بریفنگ، معیشت بحالی کی جانب گامزن ہے، وزیر خزانہ، کینیڈین ہائی کمشنر

گاڑیوں کی درآمد صرف اسی ملک سے کی جائے جہاں بھیجنے والا شخص مقیم ہو، تاکہ اسکیموں کے غلط استعمال کو روکا جا سکے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے وزارت دفاع وزارت داخلہ اور ایکشن کمیشن سمیت کئی وزارتوں کیلئے تکنیکی ضمنی گرانٹس کی منظوری دیدی۔ وزیر خزانہ کی زیر صدارت ہونیوالے اجلاس میں بین الاقوامی سطح پر سونے کی تجارت بحال کرنے کی بھی منظوری دیدی گئی جبکہ گاڑیوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

قطر کا پاکستان میں 3 ارب ڈالر سرمایہ کاری کا اعادہ

اقتصادی اور تیکنیکی تعاون کے پروٹوکولز پر دستخط، ترجمان وزارت اقتصادی امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قطر نے پاکستان میں 3 ارب ڈالر سرمایہ کاری کے عزم کا اعادہ کیا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی اور تیکنیکی تعاون کے متعدد پروٹوکولز پر دستخط ہوئے۔ وزارت اقتصادی امور سے جاری بیان کے مطابق اسلام آباد میں پاکستان اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

یونیورسٹی روڈ پر سیوریج کا پانی جمع ہونے سے ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے

ایمریٹس ایئر لائن کے چالیس سال مکمل ہونے پر تقریب منعقد

ایئر کرافٹس کی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی، مسافروں کیلئے پریمیر اکانومی کلاس بھی متعارف

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) میں ایمریٹس ایئر لائن کے چالیس سال مکمل ہونے پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تقریب میں جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، ایمریٹس ایئر لائن کی اعلیٰ قیادت اور قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیثی نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایمریٹس ایئر لائن کے ایئر کرافٹس کی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔ نائب صدر امارات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کی تعداد 76 ہزار سے تجاوز کر گئی

چارجنگ اسٹیشنز کیلئے یونٹ کی قیمت 92 سے کم کر کے 39 روپے 7 پیسے مقرر، نئی گاڑیاں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں الیکٹرک گاڑیوں کی تعداد 76 ہزار سے تجاوز کر گئی، 2030ء تک جدید گاڑیوں کی فروخت کا ہدف 30 فیصد مقرر کیا گیا ہے۔ سینیٹ قمر کی زیر صدارت قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس اسلام آباد میں ہوا۔ اجلاس میں الیکٹرک وہیکل پالیسی پر تفصیلی غور کے دوران چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ پالیسی میں تضادات موجود ہیں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

پاک ترکیہ نے فیری سروس آغاز پر غور شروع کر دیا

وزیر بحری امور جنید انوار سے ترک وزیر کی ملاقات، تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان فیری سروس کے آغاز پر غور شروع کر دیا گیا، اس ضمن میں اسلام آباد میں وزیر مملکت برائے بحری امور جنید انوار چوہدری سے ترک وزیر ٹرانسپورٹ نے ملاقات کی جس کے دوران جہاز سازی، آپریشنز اور شپ بریکنگ میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، وزیر مملکت بحری امور جنید انوار چوہدری نے اس موقع پر ترک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

امریکا نے کینیڈا کیساتھ تجارتی مذاکرات ختم کر دیئے

ٹرمپ کی بائنانس کے بانی کو معافی، بائیڈن پر کرپٹو انڈسٹری کیخلاف جنگ کا الزام

واشنگٹن، کراکس (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انھوں نے کینیڈا کے ساتھ تمام تجارتی مذاکرات معطل کر دیے ہیں، امریکی صدر نے کہا کہ انھوں نے تجارتی مذاکرات ایک جعلی شتہار سامنے آنے کے بعد کیے جس میں امریکا کے سابق اور آنجہانی صدر رونالڈ ریگن نے محصولات کے بارے میں منفی تبصرہ کیا تھا، امریکی صدر نے رواں سال (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

صنعتی، زرعی صارفین کو اضافی بجلی 22.98 روپے یونٹ دینے کا اعلان

صنعتی شعبے کو 34 روپے اور زرعی شعبے کو 38 روپے پر ملنے والے یونٹس کی قیمت کو خاطر خواہ کم کر کے اضافی یونٹس فراہم کیے جائیں گے

زرعی صارف کو اضافی 100، صنعتی صارف کو اضافی 1000 یونٹ استعمال کرنے پر بجلی رعایتی نرخوں پر ملے گی، وزیر توانائی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے صنعت و زراعت کی ترقی کیلئے روشن معیشت بجلی پیکیج کا اعلان کیا ہے جس کے تحت صنعتوں اور کسانوں کو آئندہ تین برسوں کے دوران 22 روپے 98 پیسے فی یونٹ کی رعایتی قیمت پر اضافی بجلی فراہم کی جائیگی۔ وزیراعظم نے صنعتی و زرعی شعبے کے ماہرین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

پاکستان سے انڈوں کی برآمدات میں اضافہ، امریکا بھی فہرست میں شامل

امارات، بحرین، ہانگ کانگ، کویت، قطر، صومالیہ، سمیت دیگر ممالک میں انڈے برآمد کیے جاتے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سے انڈوں کی برآمدات میں زبردست اضافے کا رجحان غالب ہو گیا، پہلی بار امریکا کو بھی انڈوں کی برآمدات شروع ہو گئی ہے۔ مجموعہ قرنطینہ حیوانیات کے مطابق مجموعی طور پر امریکا کے لیے انڈوں کی برآمدات میں 23 لاکھ 70 ہزار ڈالر تک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ اور ثقافت اورنگزیب خان تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ — ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 25۔ (شمارہ نمبر 44) 27 اکتوبر تا 02 نومبر 2025ء فون-0307-0610770 E-MAIL:info@tigaratnews.tv

کمیشن والی دوائیں اور لیبارٹری ٹیسٹ

ڈاکٹر صاحبان 80 اور 90 کی دہائی میں مریضوں کا علاج اپنی تعلیم، تجربے اور تشخیصی صلاحیت کے بل بوتے پر کرتے تھے اور بجا طور پر اس پر فخر بھی کرتے تھے۔ عموماً ڈاکٹر صاحبان اس خوبی کو اپنی پہچان بھی قرار دیتے تھے تاہم بعض اوقات ضرورت پڑنے پر لیبارٹری ٹیسٹ کے نتائج سے اپنی تشخیص کی تصدیق کر لیتے تھے۔ لیبارٹری ٹیسٹ کرواتے ہوئے ڈاکٹر صاحبان کا رویہ معذرت خواہانہ ہوتا تھا کہ مریض کو یہ اضافی زحمت اور خرچہ برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ 2000 کے بعد یہ طریقہ علاج غیر پیشہ ورانہ قرار پایا اور یوں تقریباً متروک ہوگیا۔ اس کے بعد مریضوں کے علاج کا طریقہ کار تحقیقاتی قرار پایا اور یوں تشخیصی طریقہ کار پس پشت چلا گیا اور اب تو شاید ڈاکٹر صاحبان اس کو بھول بھی چکے ہیں۔ تحقیقاتی علاج میں پورا زور لیبارٹری ٹیسٹ پر ہوتا ہے۔ مریض جیسے جیسے علامت یا علامات بتاتا جاتا ہے ڈاکٹر ٹیسٹ لکھتا چلا جاتا ہے اور کبھی کبھی تو ٹیسٹ لکھتے لکھتے لیبارٹری میں اتنا اندر چلا جاتا ہے کہ خود مالک بن کر باہر نکلتا ہے اور اگر مالک نہیں تو حصہ دار تو پکا پکا ہوتا ہے، جس کو ہر مریض پر بے قاعدہ یا با قاعدہ کمیشن ملتا ہے اور کمیشن لینے والے کو کیا بولتے ہیں یہ میں آپ کی صوابدید پر چھوڑتا ہوں لیکن آپ انھیں کچھ بھی کہہ سکتے مگر شاید کیا یقیناً ڈاکٹر نہیں کہہ سکتے ہیں۔ یہ کمیشن دینے والا کام صرف لیبارٹری مالکان ہی نہیں کر رہے بلکہ دواساز ادارے بھی کر رہے ہیں۔ ان دونوں نے ڈاکٹروں کو کچھ اس طرح سے اپنے چنگل میں پھنسایا ہے کہ اگر بچے کا پیمپر بھی لینا ہوں تو انھیں یہ ادارے یاد آتے ہیں، گویا ان کے نزدیک ان اداروں کے بغیر زندگی کا کوئی تصور ہی نہیں ہے۔ حالات ہمیشہ سے ایسے نہیں تھے، میں نے خود 80 کی دہائی میں ایک کثیر القومی دواساز ادارے سے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کیا تھا۔ یہ میری زندگی کی پہلی اور آخری نوکری رہی جو میں نے کسی دواساز ادارے میں کی تھی۔ اس دور میں حالات اتنے خراب نہیں تھے۔ دواساز ادارے کے نمائندے ڈاکٹر صاحبان کو اپنی ادویہ کے سیمپل فراہم کرتے تھے یا کبھی کبھی کچھ چھوٹے موٹے تحفے جیسے قلم، رائٹنگ پیڈ اور کچھ ایسی چیزیں جو ان کے پیشہ ورانہ کام میں معاون ہوسکتی ہوں، دیتے تھے۔ عام طور پر بین الاقوامی ہوائی سفر کا ٹکٹ کسی کانفرنس میں شرکت کے نام پر دیا جاتا تھا کہ جس کے ساتھ سفری خرچ زرمبادلہ کی شکل دیا جاتا تھا۔ اگر کسی پروفیسر کو ایئر کنڈیشن یا صوفہ سیٹ بھی دیا جاتا تو وہ ان کے سرکاری اسپتال کے کمرے کیلیے ہوتا کیونکہ سرکاری بجٹ سے کچھ بھی منظور کروانا بہت مشکل ہوتا تھا اور اب بھی ہے۔ یہ بجٹ عام طور پر بہت دیر سے ملتا تھا۔ آنے والے دنوں میں یہ سہولت یا خرافات پہلے ذاتی کلینک تک پہنچی پھر گھر اور اب تو نقد کا زمانہ ہے اور ادھار محبت کی قینچی ہے۔ ادویات میں یہ کمیشن تیس سے پچاس فیصد تک ہے اور جراحی کے آلات اور پرزہ جات میں تو دو سو فیصد بلکہ اس سے بھی زائد ہوتا ہے۔ آپ نے دل کے امراض میں اسٹنٹ کے استعمال اور اس کی قیمت کے حوالے سے اسکینڈل کے بارے میں ضرور پڑھا اور سنا ہوگا۔ ادویہ کے کمیشن کی نقد کے علاوہ شکل بیرونی ملک کے دورے ہیں۔ کچھ ادوار میں تو ڈاکٹر صاحبان کو مشرق بعید کے دورے بھی کروائے جاتے تھے، جہاں وہ جاتے تو ڈاکٹر کی حیثیت سے تھے لیکن واپسی کبھی کبھار مریض کے طور پر ہوتی تھی اور مرض کا ذکر بھی کسی سے نہیں کر سکتے تھے۔ اس کے مقابلے میں مذہبی حضرات مشرق وسطیٰ کے مذہبی مقامات کی زیارات کے متمنی ہوتے اور دواساز ادارے سے ویزا، ٹکٹ اور زرمبادلہ چاہتے اور اللہ سے ثواب کے طلبگار ہوتے۔ وہ چونکہ ادارے کی خواہش پوری کر چکے ہوتے تھے اس لیے ادارہ تو ان کی خواہشات یا ضروریات پوری کر دیتا تھا۔ ثواب کا حال اللہ جانے۔ ایسا نہیں ہے کہ سارے ڈاکٹر صاحبان یہ کمیشن والی ادویہ دیتے ہیں اور ٹیسٹ کرواتے ہیں۔ ان میں اچھے لوگ بھی بہت بڑی تعداد میں ہیں اور جنھوں نے اس شعبے کا انتخاب بہت خلوص اور نیک نیتی سے کیا تھا اور آج کے اس پرآشوب دور میں بھی ثابت قدم ہیں۔ جب بھی کوئی ڈاکٹر کسی مخصوص لیبارٹری سے ٹیسٹ کروانے کا کہے یا کسی مخصوص میڈیکل اسٹور سے دوا لینے کا کہے تو آپ سمجھ لیجئے کہ اس میں اُس ڈاکٹر کا کمیشن ہے اور یہ کمیشن والا ڈاکٹر ہے۔ آپ چاہے تو یہ بات اس کے منہ پر بھی کہہ سکتے ہیں۔ میں یہ کام ایک سے زائد مرتبہ کر چکا ہوں۔ سماجی ذرائع ابلاغ پر بہت ساری ویڈیوز اور دیگر پیغامات کے ذریعے اصلاح کی کوشش کی گئی ہے۔ ایک ویڈیو میں تو یہ دکھایا گیا تھا کہ ایک ڈاکٹر میاں بیوی لوگوں کو بلاضرورت ٹیسٹ اور دوائیں لکھ کر دیتے ہیں تاکہ اپنے بچوں کے ساتھ ورلڈ ٹور پر جا سکیں لیکن اتنے پیسے جمع ہونے سے پہلے ہی ان کے گھر میں آگ لگ جاتی اور بچوں سمیت گھر جل جاتا ہے۔ اگر کوئی سمجھنا چاہے تو اس میں دل کو دہلا دینے والا پیغام ہے۔ آخر میں حسب روایت ایک کہانی اور اختتام۔ ایک صاحب کو ایک طوائف پسند آجاتی ہے اور اس سے شادی کرنے کو بھی تیار ہو جاتے ہیں۔ بس ان کی شرط یہ ہوتی ہے کہ شادی کے بعد خاتون کو اپنا پیشہ چھوڑنا ہوگا اور ایک گھریلو خاتون کی طرح زندگی گزارنی ہوگی۔ خاتون منظور کر لیتی ہے اور یوں شادی ہو جاتی ہے۔ شادی کے کچھ مہینوں بعد یکا یک پولیس کا چھاپہ پڑتا ہے اور پولیس اس شخص کو گرفتار کر کے لے جاتی ہے۔ اس پر الزام ہوتا ہے کہ موصوف جعلی ادویہ اور منشیات کا کاروبار کرتے ہیں۔ وہ خاتون اپنے شوہر سے ملنے حوالات میں جاتی ہے اور اس سے کہتی ہے کہ اگر حرام ہی کھانا تھا تو میری کمائی میں کیا خرابی تھی؟ اس میں سمجھنے والوں کیلیے بہت کچھ اور نہ سمجھنے والوں کیلیے یہ قصہ ایک کہانی سے زیادہ کچھ نہیں۔ فیصلہ متعلقہ لوگوں یا ڈاکٹروں نے کرنا ہے۔

روس کے نئے جوہری میزائل کا کامیاب تجربہ، 14 ہزار کلومیٹر تک پرواز

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) روس نے ایک نیا لانگ رینج جوہری کروز میزائل بوریویسٹنک (Burevestnik) کامیابی سے آزماتے ہوئے

اپنی عسکری طاقت کا ایک اور مظاہرہ کیا ہے۔ روسی فوج کے سربراہ جنرل ویلری گراسموف نے صدر ولادیمیر پیوٹن کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ تجربہ 21 اکتوبر کو کیا گیا۔ ان کے مطابق، میزائل نے 14 ہزار کلومیٹر کا فاصلہ طے کیا اور تقریباً 15 گھنٹے تک فضا میں رہا۔ جنرل گراسموف کا کہنا تھا کہ یہ جدید میزائل کسی بھی اینٹی میزائل ڈیفنس سسٹم کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اپنے ہدف کو درستگی سے نشانہ بنا سکتا ہے۔ روسی صدر پیوٹن نے اس موقع پر کہا کہ یہ ایک منفرد ہتھیار ہے جو فی الحال دنیا کے کسی اور ملک کے پاس موجود نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جوہری کروز میزائل کے تمام اہم ٹیسٹ مکمل ہو چکے ہیں اور اب اس کی تعیناتی سے قبل آخری مرحلے پر کام جاری ہے۔ واضح رہے کہ بوریویسٹنک میزائل روس کے ایس ایس سی ایکس 9 اسکائی فال (Skyfall 9-X-SSC) پروگرام کا حصہ ہے، جسے روسی فوجی طاقت میں انقلابی پیشرفت قرار دیا جا رہا ہے۔

دبئی پولیس نے 3 سالہ بچی کی پولیس افسر بننے کی انوکھی خواہش پوری کر دی

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) دبئی پولیس نے عوامی تعلقات کو فروغ دینے اور بچوں میں خوشی بانٹنے کے جذبے کے تحت سارہ نبیل کا خواب

حقیقت بنا دیا۔ سارہ نے مقامی اسپتال میں ایک کمیونٹی ایونٹ کے دوران "ننھی پولیس آفیسر" بننے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ دبئی پولیس کے اسکول سکیورٹی انیشی ایٹو نے فوری طور پر اس خواہش کو پورا کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس موقع پر سارہ اور اُس کے خاندان کو دبئی پولیس ہیڈکوارٹرز میں پرتپاک استقبال کیا گیا، جہاں کیپٹن ماجد بن سعد الکعبی (سربراہ اسکول سکیورٹی انیشی ایٹیو) اور لیفٹیننٹ مریم عیسیٰ (ڈپٹی ہیڈ) سمیت دیگر افسران موجود تھے۔ پولیس ٹیم نے ننھی سارہ کو دبئی پولیس کی خصوصی وردی اور تحفے دیے، جب کہ اُسے لگژری پٹرولنگ گاڑی میں شہر کا فیلڈ ٹور بھی کرایا گیا۔ یادگار لمحات کی تصاویر اور ویڈیوز بھی بنائی گئیں۔ کیپٹن ماجد الکعبی کے مطابق، یہ اقدام دبئی پولیس کے اُس وژن کا حصہ ہے جس کا مقصد معاشرتی تعلقات کو مضبوط بنانا، بچوں میں قومی وابستگی اور اعتماد کو فروغ دینا ہے۔

نمبر سے بار بار سامنا، خاتون نے ڈھائی لاکھ ڈالر سے زیادہ کی رقم جیت لی

واشنگٹن (مانیٹرنگ) امریکا کی ایک خاتون نے بار بار نظروں کے سامنے آنے والے ایک نمبر (29000) سے لاٹری کھیل کر ڈھائی لاکھ ڈالر سے زیادہ کا انعام جیت لیا۔ خاتون کا کہنا تھا کہ انہوں نے پہلی بار یہ نمبر خبروں میں ایک جہاز کے سائیڈ پر درج دیکھا تھا۔ دوسری بار انہوں نے یہ نمبر کچھ روز بار کاجو کے پیکٹ پر درج دیکھا۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ کبھی کاجو نہیں خریدتیں۔ خاتون نے اس اتفاق جو بطور اشارہ لیا اور لاٹری کا ٹکٹ خرید لیا جس نے ان کو ڈھائی لاکھ ڈالر سے زیادہ کا انعام جتوا دیا۔

امریکا: کرین گرنے کا افسوسناک واقعہ، دو افراد ہلاک

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) حکام کے مطابق کرین گرنے کا واقعہ ریاست میساچوسٹس کے شہر بوسٹن کے قریب مرینا ڈاک پر جمعے کے روز دوپہر 3 بجے پیش آیا جس میں دو سب کانٹریکٹر ہلاک ہوگئے۔ مقامی ذرائع کے مطابق ایک شخص میساچوسٹس جنرل ہاسپٹل میں جان کی بازی ہارا جبکہ موقع پر موجود مزدور کرین کے نیچے دبے شخص کی لاش نکالنے کی کوشش کر رہے تھے۔ عملہ پرانے ہو جانے والی اس مشین کے پرزوں کو علیحدہ کر رہا تھا جب یہ کرین منہدم ہوئی۔ اس کی اونچائی کرین 4 سے 5 منزلہ عمارت کے برابر تھی۔

سپارکو کا ریموٹ سینسنگ جیو اے آئی فاریسٹری سے متعلق تربیتی کورس کا انعقاد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپارکو کی جانب سے "جیو-اے آئی برائے جنگلاتی معلومات/ ریموٹ سینسنگ اور جیو انفارمیشن سسٹمز کی جدید اپلی کیشنز برائے جنگلات" کے موضوع پر بین الاقوامی تربیتی کورس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیر ریسرچ کمیشن، انٹر اسلامک نیٹ ورک آن اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے تعاون سے جیو اے آئی فاریسٹ انفارمیشن ایڈوانس آر ایس اینڈ جی آئی ایس ایپلیکیشنز اِن فاریسٹری کے عنوان سے ایک بین الاقوامی تربیتی کورس کا انعقاد کرنے جا رہا ہے۔ کورس 27 تا 31 اکتوبر 2025 تک سپارکو کمپلیکس، کراچی میں منعقد ہوگا۔ یہ کورس ازنیٹ کے رکن ممالک کے ماہرین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔

ترکیہ میں طلاق کے معاہدے میں بیوی نے شوہر سے عجیب وغریب مطالبہ کر دیا

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ کے شہر استنبول میں ایک طلاق کے معاہدے میں یہ خصوصی شرط شامل کی گئی ہے کہ سابق شوہر اپنی سابقہ اہلیہ کی بلیوں کی دیکھ بھال اور خرچ ادا کرتا رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق طلاق کے معاہدے کے تحت بلیاں سابقہ اہلیہ کے پاس ہی رہیں گی۔ سابق شوہر نے یہ شرط رضاکارانہ طور پر قبول کی ہے کہ وہ ہر تین ماہ بعد تقریباً 10,000 ترک لیرا بلیوں کی دیکھ بھال کے لیے ادا کرے گا۔ اس ادائیگی کی مدت دس سال تک یا جب تک بلیاں زندہ ہوں، مقرر کی گئی ہے۔ معاہدے میں اس بات کا بھی ذکر ہے کہ یہ ادائیگی ترکیہ کی سرکاری مہنگائی شرح کے مطابق ہر سال ایڈجسٹ ہوگی۔ قانوناً ترکیہ میں پالتو جانور (بلیاں وغیرہ) کو ابھی بھی متحرک جائیداد شمار کیا جاتا ہے البتہ بعض فیصلوں میں جانوروں کی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھتے ہوئے دیکھ بھال کے خرچ کی حیثیت سے معاہدے منظور کیے گئے ہیں۔ یہ معاملہ ایک نیا رجحان سمجھا جا رہا ہے جہاں طلاق معاہدوں میں صرف انسانوں کی مالی ذمہ داریاں نہیں بلکہ جانوروں کی دیکھ بھال کا خرچہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

جڑواں بھائی بہن کی طرح دِکھنے والے میاں بیوی

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین میں ایک شادی شدہ جوڑا اپنے ملتے جلتے چہروں کی وجہ سے سوشل میڈیا پر کافی وائرل ہوگیا ہے۔ چین کے صوبہ گوانگ ڈونگ سے تعلق رکھنے والا ایک نوجوان جوڑا اپنی عجیب وغریب مشابہت کی وجہ سے مشہور ہوگیا ہے۔ بہت سے لوگ یہ قیاس کرنے لگے ہیں کہ شاید وہ طویل عرصے سے کھوئے ہوئے جڑواں بہن بھائی ہیں۔ لیانگ کائیو اور ہی ژیان شینگ دونوں اپنی بیس کی دہائی میں ہیں اور گوانگ ڈونگ میں جڑی بوٹیوں کی ادویات کی دکان چلاتے ہیں۔ اگرچہ وہ دونوں روایتی جڑی بوٹیوں کی ادویات میں کئی دہائیوں کا تجربہ رکھنے والے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں لیکن دونوں نے اپنے کاروبار کو شہرت دینے کیلیے سوشل میڈیا پر پروموشنل کلپس پوسٹ کرنا شروع کیے۔ یہ دیکھنے کے بعد کہ وہ کتنے مماثل نظر آتے ہیں، لیانگ نے اپنے شوہر کو مضحکہ خیز کلپس میں حصہ لینے کے لیے راضی کیا جہاں انہوں نے ایک جیسے لباس پہن کر اپنی مشابہت پر مزید زور دیا۔ آج یہ کلپس دکان کی شہرت کیلیے اہم پروموشنل کانٹینٹ ہیں۔

امریکا: پارک میں گھومنے گئے شخص کے ہاتھ قیمتی ہیرا لگ گیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ریاست آرکنساز میں موجود کریٹر آف ڈائمنڈ اسٹیٹ پارک میں گھومنے گئے ایک شخص کے ہاتھ 2.71 قیراط کا سفید ہیرا لگ گیا۔ امریکی ریاست انڈیانا کے علاقے پاؤلی کے رہائشی ڈیوی وائٹ نے بتایا کہ انہوں نے اور ان کی اہلیہ نے اپنے طویل ٹرپ کا آغاز پارک میں دو دن قیام سے کیا۔ وہ دونوں اس جگہ سے اتنے محظوظ ہوئے کہ ٹرپ سے واپسی پر انہوں نے وہاں دوبارہ رکنے کا فیصلہ کیا۔ ڈیوی وائٹ نے بتایا کہ دوسرے بار آتے وقت وہ کچھ اسکریبز خرید لائے اور وہ اور ان کی اہلیہ ساؤتھ واش پویلین میں موجود کینیری ہل کے علاقے پہنچ گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہوں ٹرپ کے پہلے دن ایک نہایت اچھا انسان ملا جس نے ان کو اس جگہ کے متعلق بتایا۔ انہوں نے اپنی دریافت سے متعلق بتایا کہ انہیں معلوم تھا کہ انہیں جو چیز ملی ہے وہ کوارٹز سے مختلف ہے۔ جس وقت انہوں نے اس کو اپنے بیلچے میں دیکھا اس وقت لگا کہ وہ شیشے کا ایک دھاتی ٹکڑا ہے۔ 2.71 قیراط کا یہ سفید ہیرا مٹر کے سائز کا ہے۔

کروشیا کے ساحل پر 2000 سال قبل غرق ہونیوالا جہاز دریافت

کروشیا (مانیٹرنگ ڈیسک) کروشیا کے ایک ساحل پر طوفان کے سبب غرق ہونے والا قدیم رومی جہاز دریافت کر لیا گیا۔ دریافت ہونے والا 2000 برس قدیم یہ جہاز ابھی تک بہترین حالت میں ہے۔ ماہرین آثار قدیمہ نے یہ جہاز رواں ماہ کروشیا کے ڈیلماشین کوسٹ سے اس کے ڈوبنے کے دو ہزار سال بعد دریافت کیا۔ محققین کی ٹیم کے مطابق جہاز کی لکڑی بالکل ایسی دِکھتی ہے کہ جیسے اس پر حال ہی میں کندہ کاری ہوئی ہو۔ غوطہ خوروں کو 2020 میں دھاتی کیل لگا ایک نایاب لکڑی کا ٹکڑا دریافت کیا گیا، جس سے انہیں رومی بندرگاہ باربر پر جہاز کا ملبہ ہونے کا خیال ہوا۔ پانچ برس بعد 42 فٹ بڑا ایک پورا جہاز سامنے آگیا جس میں بڑی مقدار میں قدیم سکے بھی سامنے پائے گئے۔

5 کروڑ سے زائد خرچ کر کے 400 پلاسٹک سرجریاں کروانے والی خاتون

سیول (مانیٹرنگ ڈیسک) جنوبی کوریا سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے گزشتہ 15 سالوں میں تقریباً 2 لاکھ ڈالرز (یعنی تقریباً 5 کروڑ 60 لاکھ پاکستانی روپے) خرچ کر کے 400 سے زائد پلاسٹک سرجریاں کروالیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صرف اپنی "خوبصورتی" کو ایک "پرفیکٹ" شکل دینے کے جنون میں خاتون نے ابتدا میں ایک چھوٹی سرجری کرائی تھی، مگر پھر وہ آہستہ آہستہ پلاسٹک سرجری کی عادی ہوگئیں۔ پلاسٹک سرجری میں درج ذیل جسمانی تبدیلیاں شامل ہیں: ناک، ہونٹ اور گال کی متعدد بار سرجری، چہرے پر فلرز اور بوٹوکس، جسم کے مختلف حصوں کی شکل بدلنے کے آپریشنز۔ خاتون کا کہنا ہے کہ وہ اپنے خوابوں جیسا چہرہ اور جسم حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ تاہم ڈاکٹروں نے انتباہ کیا ہے کہ مسلسل سرجریز سے صحت، جلد اور ذہنی توازن بری طرح متاثر ہو سکتا ہے۔ ماہر نفسیات کے مطابق، اس طرح کا رویہ اکثر Body Dysmorphic Disorder (بی ڈی ڈی) کی علامت ہوتا ہے، یعنی انسان اپنے ظاہری خدوخال سے غیر حقیقی طور پر عدم اطمینان محسوس کرتا ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	282.50 PKR	282.70 PKR
Euro	EUR	331.65 PKR	335.15 PKR
British Pound	GBP	380.95 PKR	383.95 PKR
UAE Dirham	AED	76.80 PKR	77.80 PKR
Saudi Riyal	SAR	75.55 PKR	76.20 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	913.40 PKR	922.40 PKR
Canadian Dollar	CAD	205.40 PKR	212.40 PKR
Australian Dollar	AUD	185.35 PKR	190.35 PKR
Omani Riyal	OMR	731.25 PKR	738.75 PKR
Japanese Yen	JPY	1.88 PKR	1.98 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.25 PKR	66.85 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.90 PKR	77.60 PKR
Bahrain Dinar	BHD	746.60 PKR	754.10 PKR
Thai Bhat	THB	8.45 PKR	8.60 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.30 PKR	39.70 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	36.20 PKR	36.55 PKR
Danish Krone	DKK	43.60 PKR	44.00 PKR
New Zealand Dollar	NZD	160.30 PKR	162.30 PKR
Singapore Dollar	SGD	216.85 PKR	221.60 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.82 PKR	28.12 PKR
Swedish Krona	SEK	29.69 PKR	29.99 PKR
Swiss Franc	CHF	352.54 PKR	355.29 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 441,700	Rs. 378,690
22k	Rs. 404,884	Rs. 347,130
21k	Rs. 386,484	Rs. 331,355
20k	Rs. 368,174	Rs. 315,657
18k	Rs. 331,271	Rs. 284,018
14k	Rs. 257,665	Rs. 220,911
12k	Rs. 257,665	Rs. 189,345

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Karachi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Lahore	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Islamabad	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Rawalpindi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Peshawar	Rs. 4,397	Rs. 5,124

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 263.02 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 275.42 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.81 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	KEL 5.62 -0.46 BOP 37.0 -2.21 PIBTL 15.61 -0.19 SEARL 112.06 2.12
KSE ALL SHARE	KEL 5.62 -0.46 WTL 1.96 -0.13 FCSC 9.0 -0.03 BOP 37.0 -2.21 TELE 12.6
KSE 30	No Data Found.
KMI30	No Data Found.
ALL SHARE ISLAMIC	KEL 5.62 -0.46 TELE 12.6 -0.66 TREET 32.31 -1.37 PIBTL 15.61 -0.19 SEARL
BATI	BOP 37.0 -2.21 BAFL 106.63 -3.27 NBP 204.99 -4.47 BAHL 188.51 -6.32
OGTI	PPL 195.09 0.62 OGDC 264.27 -2.05 MARI 738.64 -0.79

بقیہ 1 تجارت نیوز

گے، سرحد کی بندش کے باعث برآمدی سامان والی 255 گاڑیاں طورخم ٹرمینل کے اندر کھڑی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ تقریباً 200 گاڑیاں جمرود لنڈی کوتل روڈ پر پھنسی ہوئی ہیں جبکہ غلام خان، خرلاچی اور انگور اڈہ بارڈر اسٹیشنز پر کوئی درآمدی گاڑی کلیئرنس کی منتظر نہیں ہے۔ ایف بی آر کے مطابق چمن بارڈر کسٹمز اسٹیشن پر 15 اکتوبر 2025 سے کسٹمز کلیئرنس آپریشنز معطل ہیں، چمن میں 5 درآمدی اور 23 برآمدی گاڑیاں پروسیسنگ کی منتظر ہیں جن کے مالکان نے اپنی کھیپیں واپس لے جانے سے انکار کر دیا ہے۔ ایف بی آر نے بتایا کہ یہ مالکان سرحد دوبارہ کھلنے اور تجارت بحال ہونے کے منتظر ہیں، اس وقت ٹرانزٹ کھیپوں کی تقریباً 495 گاڑیاں طورخم اور چمن پر سرحد پار کرنے کی منتظر ہیں، سرحدی مقامات پر کسٹمز عملہ موجود ہے، سرحد کھلنے اور صورت حال معمول پر آنے پر کلیئرنس کا عمل فوراً بحال کر دیا جائے گا۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

اور تقریباً 482 کلومیٹر کا سفر طے کرنے کے بعد دریائے کابل میں شامل ہو کر واپس پاکستان آتا ہے۔ دوسری جانب پاکستان کے دفتر خارجہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ دریائے کنڑ سے متعلق عالمی قوانین کی پاسداری کریں گے۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

زمانہ قدیم سے ہمارا خطہ معاشی اور تجارتی راہداری رہا ہے، بڑھتی ہوئی معاشی اہمیت نے اس قدیم گزرگاہ کی اہمیت کو دوچند کر دیا ہے، پاکستان کی پیک کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو رہا ہے، ڈیجیٹل دور میں رابطے ڈیٹا، اختراع اور ٹیکنالوجی تک پھیل چکے ہیں۔ پاکستان ڈیجیٹل انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کر رہا ہے تاکہ ہم چوتھے صنعتی انقلاب کی رفتار کے ساتھ چل سکیں۔ اس کے علاوہ، پاکستان سنگل ونڈو سسٹم جیسے اقدامات تجارتی عمل میں انقلابی تبدیلی لا رہے ہیں، سرکاری رکاوٹوں کو کم کر رہے ہیں اور سرحد پار لین دین کو زیادہ مؤثر بنا رہے ہیں۔ پاکستان کی طویل ساحلی پٹی بشمول گوادر اور کراچی کی بندرگاہیں سمندر کو شاہراہ ریشم سے جوڑتی ہیں۔ انہوں نے شرکا کو دعوت دی کہ ہم سب مل کر تعاون کے بیج بوئیں تاکہ ہماری آنے والی نسلیں ترقی اور خوشحالی کے پھل حاصل کر سکیں۔ جمعہ کو وزیراعظم سے قطر کے وزیر تجارت وصنعت شیخ فیصل بن ثانی بن فیصل الثانی نے یہاں ملاقات کی۔ وزیراعظم نے پاکستان اور قطر کے مابین تعلقات کی مثبت سمت پر اطمینان کا اظہار کیا جو مشترکہ عقیدے، اقدار اور باہمی احترام پر مبنی ہیں۔ ملاقات میں دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے قریبی روابط مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کے ایک اہم شراکت دار اور بااثر علاقائی ثالث کے طور پر قطر کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے توانائی، زراعت، غذائی تحفظ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سیاحت اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے مواقع کو اجاگر کرتے ہوئے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے تعاون کو بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ شیخ فیصل بن ثانی بن فیصل الثانی نے قطر کی قیادت کی جانب سے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ اقتصادی روابط کو مزید بڑھانے کے لیے قطر کے عزم کا اعادہ کیا۔ دریں اثنا گزشتہ روز انسداد پولیو کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے پولیو ورکرز کی جرات، لگن اور جذبے کو خراج تحسین پیش کیا قبل از یں وزیراعظم نے انسداد پولیو کیلئے نمایاں خدمات سرانجام دینے والے پولیو ورکرز میں شیلڈز تقسیم کیں۔ آزاد کشمیر کی عوامی ایکشن کمیٹی سے مذاکرات کرنے والی وفاقی حکومت کی ٹیم نے بھی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

لاکھ اور بلوچستان 5 لاکھ ٹن گندم خریدیں گے۔ حکومت نے گندم کی انڈیکیٹو قیمت خرید 3500 روپے فی من مقرر کر دی ہے، اگر بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمت بڑھے گی تو پاکستان میں بھی قیمت بڑھا دی جائے گی ذرائع نے کہا کہ آئی ایم ایف شرائط پر گندم کی امدادی قیمت مقرر نہیں کی گئی، گندم کی صوبائی نقل وحرکت پر کوئی پابندی نہیں ہوگی۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

آر نے کاروباری برادری کے نمائندگان کو نامزد کیا ہے۔ ان نمائندگان کا تعلق پاکستان بزنس کونسل، لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی)، آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما)، ملتان چیمبر، کوئٹہ چیمبر، حیدرآباد چیمبر اور سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سے ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق جب تک کاروباری نمائندگان سے مشاورت نہیں کی جائے گی کسی بھی تاجر کے خلاف تحقیقات کی منظوری ممبران لینڈ ریونیو آپریشنز کی جانب سے نہیں دی جائے گی۔ ایف بی آر نے سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 2 آف 2025 کے تحت تاجروں کی گرفتاری سے قبل تحقیقات کے تفصیلی طریقہ کار بھی جاری کر دیا تھا اور سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کی سیکشن 37اے کے مطابق قبل از گرفتاری کمیٹی کی تشکیل کی گئی ہے جس میں متعلقہ زون سے کاروباری برادری کے دو نمائندے شامل ہوں گے۔ ان نمائندگان کی موجودگی اس بات کی ضمانت ہوگی کہ تاجروں پر کسی قسم کا غیر ضروری دباؤ یا کارروائی نہ کی جائے، ایف بی آر کے جاری کردہ سیلز ٹیکس جنرل آرڈر (ایس ٹی جی او) کے مطابق کسی بھی تفتیش کے آغاز سے قبل کمشنر کی منظوری ضروری ہوگی تفتیش مکمل ہونے کے بعد کمشنر ممبران لینڈ ریونیو آپریشنز کی منظوری کے بغیر مزید کارروائی کا مجاز نہیں ہوگا تاہم منظوری سے قبل کمشنر پر لازم ہوگا کہ وہ ایف بی آر کی جانب سے نامزد کردہ کاروباری برادری کے دو نمائندگان سے مشاورت کرے۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

کی کم ترین سطح پر آنے کے بعد ٹرمپ کی روس پر نئی پابندیاں عائد کیے جانے سے دوبارہ محدود پیمانے پر اضافے، درآمدی بل میں کمی اور کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہونے جیسے عوامل کے باعث زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں جمعرات کو بھی ڈالر کی نسبت روپیہ تگڑا رہا۔ معاشی استحکام، شعبہ جاتی بنیادوں پر غیرملکی سرمایہ کاری کی امیدیں برقرار رہنے سے انٹربینک مارکیٹ میں کاروبار کے تمام دورانیے میں ڈالر تنزلی سے دوچار رہا اور ایک موقع پر ڈالر کی قدر 28 پیسے کی کمی سے 280 روپے 77 پیسے کی سطح پر بھی آ گئی تھی۔ سپلائی میں بہتری رونما ہوتے ہی درآمدی ضروریات کے لیے زرمبادلہ کی طلب بڑھنے سے کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر 03 پیسے کی کمی سے 281 روپے 02 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 05 پیسے کی کمی سے 282 روپے 05 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

ہے، پاکستان اور ایران نے ریلوے شعبے میں مشترکہ ایکشن پلان پر اتفاق کیا، دونوں ممالک نے انفراسٹرکچر اور آپریشنز میں اشتراک بڑھانے پر غور کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے ریلوے اصلاحات کا نیا باب شروع کیا ہے، روہڑی تا نوکنڈی 884 کلومیٹر سیکشن پر جلد کام شروع کیا جائیگا، کوئٹہ تا تافتان سیکشن کی اپ گریڈیشن آئندہ سال شروع کرنے پر اتفاق ہوا، دونوں ممالک نے ریلوے آپریشنز اور کمرشل سرگرمیوں میں اشتراک کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ علاوہ ازیں وزیر ریلوے نے ریلوے کوارٹرز کی بوگس الاٹمنٹ پر ڈی جی ویجیلنس عبدالرب چوہدری کی شاندار انکوائری پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پیشہ ورانہ مہارت اور دیانتداری سے بڑے مالی گھپلے کا پردہ فاش کیا، ملوث افسران اور ملازمین کو قانون کے مطابق نشان عبرت بنایا جائیگا، جبکہ پاکستان ریلوے نے لاہور میں 27 اکتوبر تک شیڈول تمام نیلامیاں ملتوی کر دیں، وزیر ریلوے نے شفافیت سے متعلق سامنے آنیوالی رپورٹس پر نوٹس لینے کے بعد نیلامیوں کو ملتوی کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

عوارض کا باعث بنتا ہے اور ایک تحقیق کے مطابق یہ انسان کو کینسر کا شکار بھی کر سکتا ہے، رپورٹ کے مطابق ضلع وسطی اور کورنگی میں 7.7 دکانیں سیل کی گئیں جبکہ ضلع ملیر میں ایک ہول سیلر سمیت 6 دکانیں سیل کی گئیں، دودھ کے نمونے پی ایس کیو سی اے لیبارٹری میں چیک کیے، محکمہ فوڈ اتھارٹی نے کمشنر کراچی کو دودھ میں ملاوٹ شدہ دودھ کے بارے میں تفصیلی رپورٹ پیش کی تھی، کمشنر کراچی نے کہا ہے کہ ناقص اور غیر صحت مند دودھ انسان کے لیے نقصان دہ ہے اس کی فروخت کی اجازت نہیں دی جا سکتی، کمشنر نے تمام ڈپٹی کمشنر سے کہا ہے کہ وہ دودھ کا معیار چیک کریں اور ہر قانونی اور ضروری کارروائی کریں یقینی بنائیں کہ شہریوں کو صحت مند اور معیاری دودھ دستیاب ہو، کمشنر آفس نے جن دکانوں کو سر بمہر کیا گیا ہے ان کی فہرست بھی جاری کی ہے جو دکانیں سیل کی گئی ہیں ان میں ضلع وسطی میں گجر ڈیری اینڈ کیٹل فارمر، ناظم آباد نمبر 3، گجر ڈیری سیکٹر 11 نیو کراچی، ناگوری ملک شاپ نارتھ کراچی، امام ملک شاپ 110 نارتھ کراچی، فضل ربی ملک سینٹر بفرزون 15.0-1، گلبرگ ڈیری فیڈرل بی ایریا، بی 11 گلبرگ اور پاکستان ڈیری اینڈ ملک شاپ لیاقت آباد نمبر 4 ضلع ملیر میں اشاہ جی ڈیری اینڈ بیکر زلیبر اسکوائر 600 فلیٹ ابراہیم حیدری، ماشااللہ ملک شاپ اولڈ فلیٹ این ایچ،، دل پسند ڈیری گلستان سوسائٹی، مدینہ ملک شاپ قذافی ٹاؤن، نفیس ڈیری گلستان سوسائٹی ملیر اور نمبردار ملک شاپ، بھینس کالونی نمبر 1۔ اور ضلع کورنگی میں عبدالحفیظ ملک شاپ کورنگی نمبر 4 پاک اسلام ڈیری شاہ فیصل نمبر 2، کراچی ڈیری شاہ فیصل نمبر 3، پاک اسلام ڈیری شاہ فیصل نمبر 3، شان راجپوت شاہ فیصل نمبر 3، ازلان ڈیری جامعہ ملیہ اور مدینہ ڈیری جامعہ ملیہ شامل ہیں۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

سال 26 کے جولائی تا ستمبر کے دوران غیرملکی سرمایہ کاروں نے 751.7 ملین امریکی ڈالر کے منافع اور ڈیویڈنڈ واپس اپنے ملک بھیجے، جو گزشتہ مالی سال (مالی سال 25) کی اسی مدت میں 404.5 ملین امریکی ڈالر تھا، یعنی 347.2 ملین امریکی ڈالر کا اضافہ ہوا۔ ماہرین نے کہا کہ مشکل معاشی حالات کے باوجود غیرملکی سرمایہ کاروں نے پاکستان کی مارکیٹ میں اپنی طویل مدتی اعتماد اور استقامت کا مظاہرہ جاری رکھا، اور تمام اہم مالیاتی اشاریوں میں نمایاں حصہ ڈالا۔ انہوں نے بتایا کہ اس اضافہ کی بڑی وجہ غیرملکی کمپنیوں کی آمدنی میں قابل ذکر بہتری اور سال کے آغاز میں فارن ایکسچینج پر لگائی گئی پابندیوں میں نرمی ہے۔ تازہ رپورٹ کے مطابق، اوورسیز انویسٹرس چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (او آئی سی سی آئی) کے رکن کمپنیوں نے 2024 میں 34 فیصد ترقی کے ساتھ ٹیکس سے پہلے منافع (پی بی ٹی) 1.2 ٹریلین روپے حاصل کیا۔ ان کا مجموعی کاروباری حجم 11 ٹریلین روپے سے زائد رہا، جس میں رکن کمپنیوں نے حکومت کو 2.7 ٹریلین روپے کے محصولات اور ٹیکس ادا کیے۔ تفصیلات کے مطابق زیادہ تر رقم براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) پر منافع کی واپسی کے طور پر بھیجی گئی۔ ایف ڈی آئی سے منافع اور ڈیویڈنڈ کی ترسیلات میں 92.5 فیصد اضافہ ہوا، جو 734 ملین امریکی ڈالر تک پہنچ گیا، جبکہ مالی سال 25 کی اسی مدت میں یہ رقم 382 ملین امریکی ڈالر تھی۔ تاہم، پورٹ فولیو سرمایہ کاری (ایف پی آئی) سے منافع کی ترسیلات اس مدت کے دوران کم ہو کر 17 ملین امریکی ڈالر رہ گئی، جو پہلے 23 ملین امریکی ڈالر تھی۔ چین غیرملکی سرمایہ کاروں کے منافع کی واپسی میں سب سے بڑا وصول کنندہ رہا، جس نے سہ ماہی میں 205 ملین امریکی ڈالر نکالے، اس کے بعد برطانیہ 162 ملین، نیدرلینڈز 92 ملین اور امریکہ نے 69 ملین امریکی ڈالر نکالے۔ بہتر غیرملکی آمدنی اور مضبوط فارن ایکسچینج انتظامیہ کے ساتھ، اسٹیٹ بینک نے غیرملکی سرمایہ کاروں کی سہولت کے لیے منافع اور ڈیویڈنڈ کی ترسیلات پر تمام پابندیاں ہٹا دی ہیں۔ اس پالیسی تبدیلی کے نتیجے میں سہ ماہی کے دوران منافع اور ڈیویڈنڈ کی ترسیلات میں تیز اضافہ دیکھا گیا۔ ماہانہ بنیاد پر، غیرملکی سرمایہ کاروں نے 159 ملین امریکی ڈالر واپس بھیجے، جن میں سے 143.2 ملین امریکی ڈالر ایف ڈی آئی اور 15.8 ملین امریکی ڈالر ایف پی آئی سے تعلق رکھتے تھے۔ صنعتیں اہم شراکت دار رہیں، جنہوں نے زیادہ تر کاروباری حجم، اثاثے اور ٹیکس میں حصہ ڈالا۔ بینکنگ اور فنانس سیکٹر نے صرف رکن کمپنیوں کے مجموعی اثاثوں کا 73 فیصد حصہ رکھا، جو مالیاتی خدمات میں منافع اور توسیع کی عکاسی کرتا ہے۔ او آئی سی سی آئی کے سیکریٹری جنرل محمد عبدالعلیم نے کہا: ''او آئی سی سی آئی کے 30 سے زائد ممالک سے تعلق رکھنے والے 13 اہم شعبوں میں کام کرنے والے رکن کمپنیوں کی مسلسل کارکردگی پاکستان کی ترقی کے لیے ان کے گہرے عزم کی عکاس ہے۔ عالمی اتار چڑھاؤ اور ملکی چیلنجز کے باوجود، او آئی سی سی آئی کے رکن کمپنیوں نے نہ صرف اپنے سرمایہ کاری کو برقرار رکھا بلکہ اسے بڑھایا، روزگار پیدا کیا، قابل ذکر ٹیکس ادا کیے اور صنعتوں میں جدت کو فروغ دیا۔ پاکستان میں غیرملکی سرمایہ کاروں کے لیے او آئی سی سی آئی کا کردار رہنما ہے اور یہ پالیسی اصلاحات کی وکالت جاری رکھے گا تاکہ مزید ایف ڈی آئی کو راغب کیا جا سکے اور مستحکم اقتصادی ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔ 30 سے زائد ممالک کی نمائندگی اور 13 مختلف شعبوں میں کام کرنے والی او آئی سی سی آئی کی رکن کمپنیاں پاکستان کے خزانچی، انفراسٹرکچر کی ترقی اور برآمدی مقابلہ بازی میں سب سے بڑے شراکت داروں میں شامل ہیں۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ میں اضافے کے باعث ملک میں فی تولہ سونے کی قیمت بھی 1 ہزار 800 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 33 ہزار 662 روپے کی سطح پر آ گئی۔ اس کے علاوہ فی دس گرام سونے کی قیمت 1 ہزار 543 روپے بڑھ کر 3 لاکھ 71 ہزار 795 روپے کی سطح پر آ گئی۔ اسی طرح فی تولہ چاندی کی قیمت 57 روپے کے اضافے سے 5 ہزار 124 روپے اور دس گرام چاندی کی قیمت بھی 49 روپے کے اضافے سے 4 ہزار 393 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

اورنگزیب کی زیر صدارت کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اجلاس ہوا، جس میں بتایا گیا کہ حکومت نے رمضان المبارک کے لیے جامع قیمت استحکام پلان تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور ای سی سی نے تمام متعلقہ وزارتوں اور صوبائی حکومتوں کو مہنگائی پر قابو پانے کے لیے سفارشات پر مؤثر عمل درآمد یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی ہے۔ ای سی سی نے پری شپمنٹ انسپیکشن فریم ورک میں اصلاحات کی منظوری دی ہے البتہ ای سی سی نے گاڑیوں کی درآمدی اسکیموں کے طریقہ کار پر مزید مشاورت کی ہدایت کر دی ہے اور ای سی سی کی جانب سے قیمتی دھاتوں اور زیورات کی درآمد و برآمد کا موجودہ فریم ورک برقرار رکھا گیا ہے۔ اجلاس میں ملک میں مہنگائی کے رجحانات اور قیمتوں کی نقل و حرکت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، وزیر خزانہ نے عوام کی خریداری قوت کے تحفظ اور مجموعی طور پر قیمتوں میں استحکام کے لیے مربوط اقدامات اور مسلسل نگرانی کی اہمیت پر زور دیا۔ وزارت منصوبہ بندی کے چیف اکانومسٹ ڈاکٹر امتیاز احمد نے اجلاس کو مہنگائی کے رجحانات اور قیمتوں میں ہونے والی تبدیلیوں پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حالیہ سیلاب سے قبل افراط زر معتدل سطح پر تھا تاہم زرعی زمینوں اور مویشیوں کو نقصان پہنچنے کے باعث ستمبر 2025 میں مہنگائی کی شرح بڑھ کر 5.6 فیصد تک جا پہنچی ہے جس سے غذائی اجناس کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ حساس قیمت اشاریہ (ایس پی آئی) میں بھی اکتوبر کے دوران مزید اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات (پی بی ایس) کے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے ڈاکٹر امتیاز نے بتایا کہ اگرچہ چند بنیادی اشیاء مثلاً چکن، چاول اور ایل پی جی کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی، تاہم چینی، گائے کا گوشت، خوردنی تیل اور گھی سمیت کئی ضروری اجناس کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

میں 26.47 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی تاہم جولائی تا ستمبر 2025ء کے دوران موصول ہونے والی بیرونی فنڈنگ 39 فیصد اضافے سے ایک ارب 81 کروڑ 56 لاکھ ڈالرز تک پہنچ گئی گزشتہ سال کی اسی مدت میں بیرونی فنڈنگ ایک ارب 30 کروڑ 80 لاکھ ڈالرز رہی تھی۔ حکام کا مزید کہنا ہے کہ ستمبر 2025ء میں بیرونی فنڈنگ کا حجم 43 کروڑ 66 لاکھ ڈالرز رہا جبکہ گزشتہ سال ستمبر میں پاکستان کو 59 کروڑ 39 لاکھ ڈالرز کی بیرونی فنڈنگ ملی تھی۔ وفاقی حکومت کا رواں مالی سال 19 ارب 77 کروڑ ڈالرز سے زائد کی بیرونی فنانسنگ کا تخمینہ ہے، رواں مالی سال سعودی عرب اور چین سے 9 ارب ڈالرز ڈپازٹ کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ رواں مالی سال سعودی عرب سے 5 ارب ڈالرز ڈپازٹ کا تخمینہ ہے جبکہ چین سے 4 ارب ڈالرز کے سیف ڈپازٹ کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

زیر صدارت منعقد ہوگا۔ اجلاس میں پری شپمنٹ انسپکشن رجیم کی اسٹریم لائننگ کے لیے امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 میں ترامیم کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ اس کے علاوہ اجلاس میں سونے، طلائی زیورات، قیمتی پتھروں کی درآمد و برآمد کی اجازت دینے پر بھی غور ہوگا۔ سونے و جواہرات اور قیمتی پتھروں کی درآمد و برآمد کی معطلی کے ایس آر او کی واپسی پر بھی غور ہوگا۔ اجلاس میں مختلف وزارتوں و ڈویژنز کے لیے کروڑوں روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹس کی منظوری بھی دی جائے گی۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

جن کے باعث گزشتہ چند روز کے دوران ٹرانسپورٹرز کو 25 سے 20 کروڑ روپے کا نقصان ہوا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کسٹم اہلکار پارکو، موچکو اور حیدرآباد سمیت دیگر مقامات سے ہماری قانونی گاڑیوں کو پکڑ کے لے جا رہے ہیں۔ اور انہیں چھوڑنے کے عوض فی گاڑی 20 لاکھ سے 50 لاکھ روپے تک کا بھتہ طلب کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کسٹم کلکٹر معین الدین وانی اور ڈپٹی کلکٹر وقار سمیت دیگر افسران نے ہماری گاڑیوں کو تحویل میں لیا۔ جبکہ 3 گاڑیوں میں موجود فرنس آئل چوری کر کے اس کی جگہ پانی بھر دیا گیا۔ جس کے ثبوت ہمارے پاس موجود ہیں۔ ٹرانسپورٹر رہنماؤں کے مطابق کسٹم افسران انھیں بلیک میل کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے پوری سپلائی چین متاثر ہو رہی ہے۔ ٹرانسپورٹرز کے مطابق غیر سرکاری لوگ اسلحے کے زور پر گاڑیاں تحویل میں لے رہے ہیں۔ جنھیں کسٹم کے ویئرہاؤس کے بجائے نامعلوم مقامات پر منتقل کر دیا جاتا ہے۔ ٹرانسپورٹرز نے فیلڈ مارشل عاصم منیر، چیف جسٹس آف پاکستان اور وزیر اعظم پاکستان سے اپیل کی ہے کہ کسٹم افسران کے غیر قانونی اقدامات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ذمے داروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کسٹم اہلکاروں کی من مانیاں ختم نہیں ہوئیں تو پورے ملک میں شدید احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

قطر کے درمیان چھٹے مشترکہ وزارتی کمیشن کا اجلاس ہوا، جس کی صدارت وزیر تجارت جام کمال خان اور قطری وزیر تجارت شیخ فیصل بن ثانی نے کی۔ ترجمان اقتصادی امور نے بتایا کہ پاکستان اور قطر کے درمیان اقتصادی و تکنیکی تعاون کے متعدد پروٹوکولز پر دستخط ہوئے اور قطر کی جانب سے پاکستان میں 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ایس آئی ایف سی اور قطر انویسٹمنٹ اتھارٹی کے درمیان براہ راست روابط مضبوط بنانے، ثقافت اور میڈیا کے شعبے میں ''ایئر آف کلچر'' پروگرام شروع کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ ترجمان اقتصادی امور نے بتایا کہ اجلاس میں فلم، ڈراما اور ثقافتی پروگراموں کی مشترکہ پروڈکشن کی حوصلہ افزائی کی گئی، ٹرانسپورٹ میں برقی، خودکار اور ہائیڈروجن گاڑیوں کی ٹیکنالوجی پر تعاون پر اتفاق ہوا، موٹروے اور انفرااسٹرکچر منصوبوں میں قطری سرمایہ کاری کے امکانات پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

کی درآمد سے متعلق سخت اقدامات پر فیصلہ مؤخر کر دیا گیا۔ اجلاس میں وزارت تجارت نے تجویز دی کہ گاڑیوں کی درآمد صرف اسی ملک سے کی جائے جہاں بھیجنے والا شخص مقیم ہو، تاکہ سکیموں کے غلط استعمال کو روکا جا سکے، تاہم فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے موقف اختیار کیا کہ تجویز سے زیادہ تر پاکستانیوں کیلئے درآمد ناممکن ہو جائیگی، کیونکہ وہ بائیں ہاتھ سے چلنے والی گاڑیاں رکھنے والے ممالک میں رہتے ہیں۔ وزارت صنعت نے تجویز دی کہ تحفہ اور ذاتی سامان سکیمیں ختم کر دی جائیں، جبکہ صرف رہائش کی منتقلی سکیم برقرار رکھی جائے۔ وزارت تجارت نے تینوں سکیموں کو برقرار رکھتے ہوئے ان کے لحاظ استعمال کی روک تھام کیلیے سخت شرائط کی سفارش کی تھی، جن میں کم از کم تین سال بیرون ملک قیام، گاڑی کی غیر منتقلی کی مدت ایک سال اور درآمد سے قبل بیرون ملک رجسٹریشن لازمی قرار دینا شامل تھا۔ ای سی سی نے وزارت تجارت کو ہدایت دی کہ وہ تمام متعلقہ اداروں سے دوبارہ مشاورت کر کے مجوزہ ترامیم دوبارہ پیش کرے۔ دوسری جانب ای سی سی نے سونا، قیمتی دھاتوں اور زیورات کی درآمد و برآمد سے متعلق موجودہ فریم ورک کو شفافیت اور خود کار نظام کے ساتھ بحال کرنے کی منظوری دیدی۔ اس فیصلے کے تحت " اینٹر سٹمنٹ اور کنسائنمنٹ پالیسیوں کے ذریعے زیورات کی برآمد کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو جائیگا، جس کی توثیق وفاقی کابینہ کرے گی۔ اجلاس میں وزارت وفاقی پیداوار، وزارت داخلہ اور الیکشن کمیشن کیلئے مختلف ضمنی گرانٹس کی منظوری بھی دی گئی۔ اجلاس میں پاکستان نیوی کے تحت پاکستان میری ٹائم سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کے قیام کے لیے 2.500 ارب روپے، پاکستان رینجرز (پنجاب) کے ہیڈ کوارٹرز کے لیے ہیلی کاپٹر کی مرمت کے پرزہ جات کی خریداری کے لیے 21.500 ملین روپے، فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کے لیے متحدہ عرب امارات میں اس کی بیرونی تعمیراتی سرگرمیوں کے۔ لیے استعمال شدہ اوور ڈرافٹ فیسیلٹی کی ادائیگی کے لیے 45 ملین درہم کے مساوی رقم، الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مقامی حکومت کے انتخابات کے اخراجات پورے کرنے کے لیے 455.984 ملین روپے، وزارت خزانہ کی جانب سے پاکستان منٹ رہائشی کالونی میں انفرادی بجلی میٹرز کی تنصیب کے لیے 112.118 ملین روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹس کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ملک میں اشیائے ضرورریہ کی بڑھتی قیمتوں کے رجحان پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزارت منصوبہ بندی کے چیف اکانومسٹ ڈاکٹر امتیاز احمد نے بریفنگ میں بتایا کہ حالیہ سیلاب سے زرعی زمین، مویشیوں کے متاثر ہونے کے باعث ستمبر 2025 میں مہنگائی 5.6 فیصد تک پہنچ گئی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے متعلقہ وزارتوں اور صوبائی حکومتوں کو ہدایت کی کہ وہ مہنگائی پر قابو پائیں اور عوام کی خریداری کی قوت کے تحفظ کیلئے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔ جمعہ کو یہاں پاکستان میں کینیڈا کے نئے تعینات ہونے والے ہائی کمشنر طارق علی خان نے وزیر خزانہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا ہے کہ ملکی معیشت پائیدار بحالی کی جانب گامزن ہو چکی ہے، تین سال قبل کے مشکل دور کے بعد ملک کے مجموعی معاشی اشاریوں میں نمایاں بہتری آئی ہے، مہنگائی پر قابو پا لیا گیا ہے اور مالی نظم و ضبط بحال ہو چکا ہے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

محمد الہاشمی کا کہنا تھا کہ کراچی ایمریٹس ایئرلائن کی پہلی انٹرنیشنل ڈسٹینیشن تھی۔ محمد الہاشمی نے بتایا کہ پہلی پرواز 1985 میں کراچی پہنچی تھی۔ ایمریٹس ایئرلائن پانچ شہروں سے آپریٹ کرتی ہے۔ پاکستان ایمیریٹس ایئرلائن کی اہم ترین مارکیٹ ہے۔ اس موقع پر یو اے ای قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیتی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یو اے ای کی جانب سے پاکستان میں آئندہ چند ماہ میں بڑی سرمایہ کاری کی جائے گی۔ سرمایہ کاری مختلف شعبوں میں کیے جانے کے حوالے سے اقدامات آخری مرحلے میں ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ایمریٹس ایئرلائن کے 40 سال مکمل ہونے کی خوشی میں مسافروں کے لیے پریمیر اکانومی کلاس بھی متعارف کرائی گئی ہے۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

کیونکہ بجٹ منظوری کے بعد ہائبرڈ گاڑیوں پر ٹیکس عائد کیا گیا جبکہ دو اور تین پہیوں والی گاڑیوں کو چھوٹ دی گئی۔ سیکریٹری صنعت و پیداوار نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے پالیسی سے اتفاق کیا ہے 1.4 ارب ڈالر کی فنانسنگ اور آئی ایف سی کی جانب سے 1.8 ملین ڈالر کی گرانٹ فراہم کی جا رہی ہے۔ سیکریٹری صنعت و پیداوار نے کمیٹی کو بتایا کہ الیکٹریکل وہیکل پالیسی سے ایک ارب ڈالر کی تیل کی امپورٹ کی بچت ہوگی، پاکستانیوں کی صحت کے حوالے سے 45 کروڑ ڈالر لاگت میں کمی آئے گی، 2024 تک پاکستان میں 76 ہزار سے زیادہ الیکٹریکل وہیکل گاڑیاں ملک میں موجود ہیں، الیکٹریکل وہیکل کی پیداوار کیلئے مختلف بین الاقوامی کمپنیاں پاکستان آ رہی ہیں، 2030ء تک الیکٹریکل گاڑیوں کی فروخت کا ہدف 30 فیصد رکھا گیا ہے، 3 ہزار چارجنگ اسٹیشنز قائم کرنے کا ہدف رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اڑھائی لاکھ روپے کی الیکٹریکل موٹر سائیکل پر 80 ہزار روپے کی سبسڈی ہوگی، چارجنگ اسٹیشنز کیلئے یونٹ کی قیمت 92 روپے سے کم کر کے 39 روپے 7 پیسے مقرر کی گئی ہے، چارجنگ اسٹیشنز کے مالکان کو اس حوالے سے اختیار دیا گیا وہ اپنی قیمت وصول کر سکتے ہیں، چارجنگ اسٹیشنز کو ادارہ ریگولیٹ کرے گا۔ سیکریٹری صنعت و پیداوار نے بتایا کہ الیکٹرک موٹر سائیکل اور رکشا بہت تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں اس سال ایک لاکھ کی تعداد میں دو اور تین وہیلرز الیکٹرک گاڑیوں کا ہدف مقرر ہے جس کے لیے سات گنا زیادہ درخواستیں موصول ہوئی ہیں پنجاب سے بہت زیادہ درخواستیں موصول ہوئی ہیں، مقامی سطح پر الیکٹرک گاڑیوں کی مینوفیکچرنگ کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چارجنگ اسٹیشن کے لیے ریگولیشنز جاری کی جائیں گی اگلے ایک سال میں بیٹریاں بھی مقامی سطح پر تیار ہونا شروع جائیں گی، دو سال میں پارٹس کو 100 فیصد مقامی سطح پر مینوفیکچرنگ کی جائے گی اگر دو سال میں اسپیئر پارٹس کی مقامی سطح پر مینوفیکچرنگ نہ ہوئی تو سبسڈی فراہم نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

سرمایہ کاروں کو گوادر میں سرمایہ کاری کی دعوت دی اور کہا کہ گوادر کو جدید میری ٹائم حب میں تبدیل کیا جا رہا ہے، ترک وزیر نے پاکستان کے ساتھ میری ٹائم تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور کہا کہ ترک سرمایہ کاروں کا وفد جلد پاکستان کا دورہ کرے گا، وزیر بحری امور نے کہا کہ فیری سروس سے پاک ترک تجارت اور سیاحت کو فروغ ملے گا، پاکستان کے پاس 25 ہزار ٹن ٹونا مچھلی کا کوٹہ موجود ہے، پاکستان آئندہ 3 ماہ میں میری ٹائم کانفرنس منعقد کریگا۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

کے آغاز میں کینیڈا سے اسٹیل، ایلومینیم اور گاڑیوں کی درآمد پر محصولات عائد کیے، دونوں ممالک میں ممکنہ معاہدے پر بات چیت ہفتوں سے جاری تھی، کینیڈا کی طرف سے امریکی صدر کے اعلان پر فوری کوئی تبصرہ نہیں کیا گیا، دریں اثناء امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کرپٹو امریکی سائی چینج بائنانس کے بانی چانگ پینگ ژاؤ کو معاف کر دیا، جو کمپنی کی تحقیقات کے بعد امریکی منی لانڈرنگ قوانین کیخلاف ورزی کا اعتراف کر چکے تھے اور چار ماہ کی قید کی سزا کاٹی، ٹرمپ نے سابق صدر جو بائیڈن پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے کرپٹو انڈسٹری کیخلاف غیر ضروری جنگ چھیڑ رکھی تھی، علاوہ ازیں ٹرمپ نے وینزویلا کیخلاف زمینی پلانڈ کارروائی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ منشیات سمگلرز کیخلاف اعلان جنگ کی ضرورت نہیں، جو امریکہ منشیات لائے گا اسے مار ڈالیں گے۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

و کاروباری برادری کے وفد سے ملاقات میں اس پیکیج کا اعلان کیا۔ پیکیج کے تحت صنعتوں اور کسانوں کو آئندہ تین سالوں (نومبر 2025 سے اکتوبر 2028) میں رعایتی قیمت پر اضافی بجلی فراہم کی جائے گی۔ وزیراعظم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صنعتی شعبے کو 34 روپے اور زرعی شعبے کو 38 روپے پر ملنے والے یونٹس کی قیمت کو خاطر خواہ کم کر کے اضافی یونٹس فراہم کئے جائیں گے، اس کا بوجھ نہ تو گھریلو صارفین اور نہ ہی کوئی دیگر شعبہ اٹھائے گا۔ ملکی صنعتوں اور زرعی شعبے کی خطے میں مسابقت بڑھانے اور کاروباری سہولیات میں اضافے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں۔ گزشتہ برس موسم سرما میں دیئے جانے والے پیکیج کے تحت صنعتی و زرعی شعبے نے 410 میگاواٹ اضافی بجلی استعمال کی جس سے صنعتوں کو فروغ ملا، برآمدات میں اضافہ ہوا اور روزگار کے مواقع پیدا ہوئے۔ معاشی بحران سے معاشی استحکام کا سفر کٹھن ضرور تھا لیکن معاشی ٹیم کی محنت اور سب کے تعاون سے یہ ممکن ہوا۔ صنعت و زراعت کے شعبے ترقی کریں گے تو ملک کو قرضوں سے نجات ملے گی۔ سب سے تعاون اور معاشی ٹیم کی شبانہ روز محنت سے معاشی خود مختاری کا ہدف جلد حاصل کر لیا جائیگا۔ صنعتی و کاروباری شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا وفاقی حکومت ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کی یکساں حوصلہ افزائی کر رہی ہے، نئے کاروبار کرنے میں رکاوٹوں اور مسائل کو حل کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ برآمدات میں اضافہ اور نئی صنعتوں کے قیام سے معیشت کے مثبت اشاریے دیرپا معاشی ترقی میں تبدیل کئے جا سکتے ہیں، ملکی مصنوعات اور ملک میں کاروبار کو نہ صرف علاقائی بلکہ عالمی سطح پر پرکشش بنانا حکومت کی معاشی منزل ہے، وزیراعظم نے وفد کی سفارشات کے تناظر میں بہترین حکمت عملی ترتیب دینے کی ہدایات جاری کیں تاکہ ملکی معیشت کو کاروباری حضرات کے تعاون سے دیرپا ترقی اور مثبت سمت پر گامزن کیا جا سکے۔ بین الاقوامی سطح پر تجارت کے ساتھ مصنوعات کی تیاری اور پیداواری شعبہ میں بیرونی سرمایہ کاری لانے کیلئے حکومت مؤثر اقدامات کر رہی ہے، معاشی ترقی کیلئے عالمی سطح کی کمپنیوں کی سرمایہ کاری کے علاوہ ملکی صنعتوں کے فروغ کے لیے بھرپور طریقے سے کام جاری ہے۔ دریں اثناء وزیر توانائی اویس لغاری نے ویڈیو پیغام میں کہا ملک میں 7000 میگاواٹ اضافی بجلی موجود ہے جو حکومت نے صنعت اور زراعت کو سستے نرخوں پر فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اگر زرعی صارف پہلے 100 یونٹ استعمال کر رہا تھا، تو اضافی 100 یونٹ کے استعمال پر اس کی اوسط بجلی قیمت میں 7 روپے فی یونٹ کی آئیگی، صنعتی شعبے میں اگر آپ 1000 یونٹ استعمال کر رہے تھے تو اب اضافی 1000 یونٹ کے استعمال پر اوسط بجلی کی قیمت میں تقریباً 5 روپے فی یونٹ کمی ہوگی اور صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ دریں اثناء پولش نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ راڈو سلاو سیکورسکی نے وزیراعظم سے ملاقات کی۔ شہباز شریف نے کہا پولینڈ کیساتھ تجارت، توانائی، دفاع، تعلیم اور محنت کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے پولش کمپنیوں کو پاکستان میں توانائی، کان کنی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ پولش نائب وزیراعظم نے تجویز دی کہ پاکستان واٹر ٹریٹمنٹ ٹیکنالوجی میں پولینڈ کی

بقیہ 22 تجارت نیوز

پہنچ گئی ہے، رواں مالی سال میں پاکستان سے انڈوں کی ایکسپورٹ میں زبردست اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ پاکستان سے متحدہ عرب امارات، بحرین، ہانگ کانگ، کویت، قطر، صومالیہ، افغانستان سمیت دیگر ممالک میں انڈے برآمد کیے جاتے ہیں۔ مالی سال 25-2024 میں متحدہ عرب امارات کو 17 لاکھ 23 ہزار ڈالر، ہانگ کانگ کو 5 لاکھ 44 ہزار ڈالر، بحرین کو 32 لاکھ 950 ڈالر، کویت کو 31 لاکھ 654 ڈالر، صومالیہ کو 2 لاکھ 41 ہزار ڈالر اور افغانستان کو 10 لاکھ 70 ہزار ڈالر رہی۔ پاکستان سے مائع شکل میں بھی انڈے برآمد کیے گئے ہیں۔ مالی سال 25-2024 میں 1169 میٹرک ٹن انڈے مائع شکل میں بھیجے گئے، مائع شکل میں برآمد ہونے والے انڈوں کی مالیت 26 لاکھ 12 ہزار 930 ڈالر رہی ہے۔ بحرین، مصر، کویت، عمان، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارت میں انڈے مائع کی صورت میں برآمد کیے جاتے ہیں۔ پاکستان سے مالی سال 25-2024 میں 18 لاکھ 25 ہزار ڈالر کے انڈے برآمد کیے گئے جبکہ مالی سال 24-2023 میں انڈوں کی ایکسپورٹ 14 لاکھ ڈالر تھی۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

ہزار اور 1 لاکھ 65 ہزار پوائنٹس کی مزید 2 سطحیں بھی گر گئیں۔ مندی کے سبب 61.39 فیصد حصص کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی جبکہ سرمایہ کاروں کے 2 کھرب 13 ارب 8 کروڑ 49 لاکھ 78 ہزار 406 روپے ڈوب گئے۔ بے ڈوب گئے۔ کاروبار کا آغاز 167 پوائنٹس کی تیزی سے ہوا لیکن متعدد لسٹڈ کمپنیوں کے مالیاتی نتائج اور براہ راست بیرونی سرمایہ کاری میں 34 فیصد کی کمی مارکیٹ سرگرمیوں پر اثرانداز رہیں، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 1962.87 پوائنٹس کی کمی سے 164590.41 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ دریں اثنا بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 35 ڈالر کی مزید کمی کے ساتھ 4 ہزار 115 ڈالر کی سطح پر آنے سے مقامی صرافہ مارکیٹوں میں جمعرات کو بھی 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت مزید 3 ہزار 500 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 33 ہزار 862 روپے کی سطح پر آ گئی ہے جبکہ فی دس گرام سونے کی قیمت بھی 3 ہزار 001 روپے کی کمی سے 3 لاکھ 71 ہزار 966 روپے کی سطح پر آ گئی۔ علاوہ ازیں زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں جمعرات کو بھی ڈالر کی نسبت روپیہ تگڑا رہا، کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر 03 پیسے کی کمی سے 281 روپے 12 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 05 پیسے کی کمی سے 282 روپے 05 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

سے کم رکھا جائے اور حج انتظامات کو بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال عازمین حج کو سعودی عرب میں قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرنے کے لیے حج ناظم کی اسکیم منظور کی گئی، حاجیوں کے گروپ پر ایک ناظم مقرر کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حج 2025ء کے دوران رہائشی عمارتوں، کھانے پینے، ٹرانسپورٹ سمیت دیگر معاملات میں تقریباً ساڑھے 3 ارب روپے کی بچت کی گئی جو رقم حاجیوں کو واپس کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن حاجیوں کو رقم واپس نہیں کی گئی انہوں نے حجاز مقدس میں فراہم کی گئی تمام سہولیات سے مکمل استفادہ کر لیا تھا، جن لوگوں کو رقم واپس کی گئی ہے یہ لوگ رہائشی عمارتوں، ٹرانسپورٹ اور دیگر سہولیات سے مکمل استفادہ نہیں کر سکے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حج 2026ء کے موقع پر بھی حاجیوں کو سفری بیگ اور سعودی کمپنی کی موبائل فون سم دی جائے گی جس میں انٹرنیٹ کے ساتھ ساتھ 300 سے 600 تک فون کالز کی سہولت بھی میسر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حج تربیت کے نظام کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ حج 2026ء کے لیے پیکج کا اعلان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 40 دن کے حج کا پیکج 11 لاکھ 50 ہزار اور 25 دن کے حج کا پیکج 12 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے، اس طرح سرکاری اسکیم کے تمام درخواست گزاروں کو ساڑھے 6 لاکھ روپے کی دوسری قسط جمع کرانا ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے سعودی تعلیمات کے مطابق حج انتظامات کیے ہیں، پرائیویٹ اسکیم کے تحت بھی حج کوٹا پر تقریباً بکنگ مکمل ہو گئی ہے، وزارت مذہبی امور کی کوشش ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو حج کی سعادت نصیب ہو۔ ایک سوال کے جواب میں سیکرٹری مذہبی امور ڈاکٹر عطاالرحمٰن نے کہا کہ گزشتہ سال حج کے موقع پر منیٰ اور عرفات میں چائے تک فراہم کی گئی، تمام حاجیوں کو ٹرانسپورٹ کی سہولت میسر تھی، جو شکایات سامنے آتی ہیں ان پر کارروائی کر کے ان کا ازالہ بھی کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طبی سہولت کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے گا تاہم کینسر جیسے موذی مرض میں مبتلا اور شدید بیمار شخص کو حج پر نہیں جانا چاہیے۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

1.2 ارب ڈالر کی قسط پر نئی کنٹری رپورٹ میں تمام بینچ مارکس شامل ہوں گے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

17 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں اسٹیٹ بینک کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر 14.45 ارب ڈالر جبکہ کمرشل بینکوں کے پاس 5.39 ارب ڈالر ہو گئے۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

ٹیکسٹائل صنعت کو اعلیٰ قدر والے پیداواری ماڈلز اور اسمارٹ مینوفیکچرنگ کی سمت آگے بڑھانے کے امکانات پر غور کرنا تھا۔ ٹڈاپ کے ڈائریکٹر جنرل (ٹیکسٹائل ڈویژن) باسط رؤف نے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکنیکل ٹیکسٹائلز عالمی ٹیکسٹائل صنعت کے تیزی سے بڑھنے والے شعبوں میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے انڈسٹری 4.0 ٹیکنالوجیز کو اپنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے مسابقت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ممکن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ٹڈاپ پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات میں جدت پر مبنی ترقی کے لیے پُرعزم ہے۔ این ای ڈی یونیورسٹی کے شعبہ ٹیکسٹائل انجینئرنگ کے پروفیسر ڈاکٹر داؤد حسین نے ٹیکنیکل ٹیکسٹائلز کی صلاحیت اور عالمی منڈی میں پاکستان کا کردار کے موضوع پر گفتگو کی اور تعلیمی اداروں اور صنعت کے مابین تعاون اور مصنوعات میں تنوع کی اہمیت پر زور دیا۔ برطانیہ کی مائیکروفائبر کنسورشیم کے ہیڈ آف انگیجمنٹ، ساقب سہیل نے آٹومیشن اور ٹریسیبلٹی کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے پائیداری، ڈیٹا کی شفافیت اور سپلائی چین میں ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق نکات شیئر کیے۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

تحسین پیش کرتے ہوئے اسلام آباد کو خطے کا سفارتی فاتح قرار دیا ہے۔ امریکی جریدے کی رپورٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ پاکستان کی متوازن خارجہ پالیسی نے عالمی منظر نامہ بدل کر سفارتکاری میں نئے افق کھول دیے ہیں۔ رپورٹ میں اس بات کا اعتراف کیا گیا کہ گزشتہ 6 ماہ کے دوران پاکستان کی سفارتکاری نے خطے میں نئی جہتیں متعارف کراتے ہوئے عالمی توجہ حاصل کی ہے۔ امریکا سے تعلقات کی بحالی، ترکی، ملائیشیا اور ایران کے ساتھ معاہدوں اور چین سے تعلقات کے فروغ نے بین الاقوامی تعلقات میں نیا باب رقم کیا ہے۔ سعودی عرب کے ساتھ طے پانے والے اسٹرٹیجک دفاعی معاہدے نے خطے میں ایک نئی سفارتی لہر پیدا کی ہے جو پاکستان کی کامیابی کا واضح مظہر ہے۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

کے دوران ہوئی۔ اس ملاقات کے دوران، چین میں سینخنا گروپ کی قیادت اس کے صدر، جناب فو سو (SuFu) نے کی جب کہ حکومت پنجاب کے وفد کی قیادت، وزیر زراعت، سید عاشق حسین کرمانی نے کی۔ اس ملاقات میں زرعی ٹیکنالوجی کے تعاون، موسم کے خلاف مزاحمت رکھنے والی کاشتکاری، اور برآمدی امکانات کو فروغ دینے کی غرض سے نئے راستے تلاش کیے گئے۔ ملاقات میں گفتگو کا محور خوراک کا تحفظ، موسمیاتی لحاظ سے مزاحمت کرنے والی کاشتکاری اور جدید ایگریکلچر ٹیکنالوجی کے استعمال جیسے شعبوں میں اشتراک کو مضبوط کرنا تھا۔ اس گفتگو میں فصلوں کی پیداوار بڑھانے، پائیدار زرعی طریقوں کو فروغ دینے، اور جدید، ٹیکنالوجی پر مبنی حل کے ذریعے اہم زرعی چیلنجوں سے نمٹنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

ہونے کیلئے پرامید ہیں۔ پاکستان علاقائی روابط بڑھانے میں کردار ادا کر رہا ہے۔ اسلام آباد میں دو روزہ ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس کے آغاز پر وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے افتتاحی کلمات میں شرکا کو خوش آمدید کہا اور کانفرنس کے مقاصد پر روشنی ڈالی۔ خزانہ، ریلویز، تجارت، بحری امور کے وفاقی وزرا افتتاحی اجلاس میں شریک ہوئے۔ دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس میں سعودی عرب، ترکی؟، آذربائیجان، ازبکستان اور قازقستان کے وزرائے ٹرانسپورٹ شریک ہیں۔ ایران، بیلا روس، ترکمانستان، سری لنکا اور مالدیپ کے وزرا بھی موجود ہیں۔ ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس کے موقع پر عوام کیلئے ایکسپو کا بھی انعقاد کیا گیا۔ قبل ازیں پولینڈ کے مہمانوں نے دفتر خارجہ میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے تفصیلی ملاقات کی جس کے دوران دو مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ مشترکہ پریس کانفرنس میں اسحاق ڈار نے کہا پاکستان اور پولینڈ کے درمیان تجارت ایک ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے کہا آئی ایس ایس آئی اور پولش انسٹی ٹیوٹ کے درمیان تعاون اور مفاہمتی یادداشتوں پر بھی بات چیت ہوئی۔ دونوں ممالک کے تھنک ٹینکس کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ضروری ہے تاکہ پالیسی سازی میں بہتری لائی جا سکے۔ پولینڈ کے وزیر خارجہ راڈوسلاو سیکورسکی نے اسلام آباد میں ادارہ برائے تزویراتی مطالعہ جات میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چین کا مقصد ریئر ارتھ میٹریلز کی فراہمی ہی نہیں بلکہ ان کے استعمال اور برآمد پر بھی کنٹرول حاصل کرنا ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ مواد مستقبل میں ایک تزویراتی ہتھیار کے طور پر استعمال ہو سکتا ہے۔ پولینڈ مشرق وسطیٰ میں دو ریاستی حل کا حامی ہے۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

کیا۔ وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمود جاہ نے کہا ہے کہ سوزکی گاڑیوں پر 5.5 کروڑ سیلز ٹیکس ریفنڈ دلوایا، پولٹری کو بحران سے بچانے کے لئے سویابین کے جہاز ریلیز کرائے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کے لئے ریفنڈ کا نظام متعارف کرایا ہے، پچھلے سال 23 ارب کے ریفنڈ دلوائے، منجمد ری بیٹ ریلیز کرائے، شکایات کا فیصلہ 60 روز سے کم کر کے 30 دن میں کئے، چار سال میں 60 ہزار شکایات حل کرائیں، زیادہ تر فیصلے ٹیکس دہندہ کے حق میں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس محتسب کے دفاتر بڑے شہروں میں تھے ہم نے انکا دائرہ کار چھوٹے شہروں تک پھیلا دیا ہے، ٹیکس محتسب ادارے کو عوام کی خدمت کا ادارہ بنا دیا ہے۔ صدر کراچی چیمبر ریحان حنیف نے کہا کہ آصف محمود جاہ وفاقی محتسب کی خدمات کے اعزاز میں مدعو کیا ہے کیونکہ انہوں نے سوزکی سیلز ٹیکس کی خریدار کو واپسی کا تاریخی فیصلہ دیا تھا، انکے دور میں ٹیکس شکایات درج کرانے کا آن لائن سلسلہ شروع ہوا ہے جبکہ غلط نوٹس پر وفاقی ٹیکس محتسب نے افسران سے معافی منگوائی گئی۔ جاوید بلوانی نے بطور وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمود جاہ کی شاندار خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ انہوں نے ملک میں تیرہ ٹیکس محتسب کے دفاتر قائم کئے، آپ پر لوگ اعتماد کرتے ہیں۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

صبر اس وقت جواب دے گیا جب پیوٹن کے ساتھ بوداپیسٹ میں ہونے والا نیا اجلاس منسوخ ہو گیا۔ ٹرمپ نے اوول آفس میں صحافی کی جانب سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں کہا کہ جب بھی میری ولادیمیر پیوٹن سے بات ہوتی ہے، بات چیت اچھی ہوتی ہے، لیکن اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا۔ تاہم ٹرمپ نے ناٹو کے سیکرٹری جنرل مارک رٹے کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ امید کرتے ہیں کہ روسی تیل کمپنیوں روسنیفٹ اور لوک آئل پر لگائی جانے والی پابندیاں قلیل مدتی ثابت ہوں گی اور ہم امید کرتے ہیں کہ یہ جنگ ختم ہو جائے گی۔ اس سے قبل امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا تھا کہ امریکا روسی کمپنیوں پر پابندی کے باوجود پیش رفت چاہتا ہے اور اگر قیام امن کا کوئی موقع ہو تو ہم ہمیشہ بات چیت میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

منعقد ہونے والے پاک افغان امن مذاکرات اور معاہدے کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ مذکورہ معاہدے کو دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان دیرپا امن خصوصاً باہمی تجارت، اقتصادی تعلقات اور علاقائی امن کی بحالی کی جانب اہم پیش رفت اور سنگ میل ہے۔ ان کا کہنا تھا پاک افغان جائنٹ چیمبر، تاجر برادری افغانستان اور دیگر پڑوسی ممالک کے ساتھ خوشگوار تعلقات کے خواہاں ہے۔ انہوں اس بات پر زور دیا کہ خوشگوار و دیرپا تعلقات و امن دوطرفہ تجارت اور برآمدات کے فروغ دینے اور ملکی معیشت کو استحکام اور مستحکم ترقی کی طرف لے جانے کیلئے ناگزیر ہے۔ تاہم، پاک افغان جائنٹ چیمبر کے عہدیداروں نے واضح کیا کہ ریاست کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پر کسی قسم کی سود بازی و سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تاجر برادری نے علاقائی سلامیت، امن اور استحکام کے تحفظ کے حوالے سے حکومت پاکستان اور سیکیورٹی فورسز کے موقف کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کرنے کی کسی صورت بھی اجازت نہیں دی جائیگی اور افغانستان حکومت بھی پاکستان کے خلاف استعمال ہونے والے ٹھکانوں کا مکمل سدباب کرے۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

معیشت کے لیے فیصلہ کن سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے دیرینہ بحران نے پاکستان کی صنعتی مسابقت کو شدید متاثر کیا ہے، اور یہ اصلاحات بجلی کے شعبے میں مؤثر تبدیلی لا سکتی ہیں۔ اب درمیانے اور بڑے صنعتی صارفین (Bulk Consumers Power) کو پہلی بار یہ موقع حاصل ہوگا کہ وہ نیپرا کے مقررہ ٹیرف کے بجائے بجلی کے پیدا کنندگان سے براہ راست معاہدے کر کے سستی اور قابل اعتماد بجلی حاصل کر سکیں۔ اس سے نہ صرف پیداواری لاگت کم ہوگی بلکہ پاکستانی مصنوعات عالمی منڈی میں مزید مسابقتی حیثیت حاصل کر سکیں گی۔ میاں زاہد حسین نے خبردار کیا کہ اگر گردشی قرضوں کے بوجھ اور ڈسکوز (DISCOs) کی ناقص کارکردگی کو فوری طور پر بہتر نہ کیا گیا تو یہ اصلاحات ناکامی سے دوچار ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ CTBCM کو قانونی طور پر اس طرح محفوظ (fence-ring) کرے کہ ماضی کے قرضوں کا بوجھ نئے مسابقتی صارفین پر منتقل نہ ہو۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

کا کہنا ہے کہ پاسپورٹس کے بیرونی صفحات کا رنگ پہلے جیسا ہی رہے گا، پاسپورٹ کے اندرونی صفحات کا رنگ تبدیل کیا جائے گا۔ محکمہ پاسپورٹ کا کہنا ہے کہ نئے پاسپورٹس میں اب والد کے ساتھ والدہ کا نام بھی درج ہوگا، نئے پاسپورٹس میں جدید سیکورٹی فیچرز کو شامل کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پاسپورٹ اینڈ امیگریشن ڈائریکٹوریٹ نے وزارت داخلہ سے پاسپورٹ کے اندرونی صفحات کے رنگ اور ڈیزائن میں تبدیلی کی اجازت مانگی تھی۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

کی کوشش کی تاہم کسٹمز حکام نے مشکوک دستاویزات اور سامان کے معائنے کے بعد غیر قانونی کلیئرنس کو روک دیا۔ ترجمان ایف بی آر کے مطابق کراچی انٹرنیشنل کنٹینر ٹرمینل (KICT) اور آف ڈاک ٹرمینلز پر نگرانی مزید سخت کر دی گئی ہے تاکہ ممنوعہ اور غلط ظاہر کردہ کھیپوں کی بروقت نشاندہی کی جا سکے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

پر کہی۔ اس موقع پر پی سی ڈی ایم اے کے وفد نے نومنتخب صدر محمد ریحان حنیف، سینئر نائب صدر محمد رضا اور نائب صدر محمد عارف لاکھانی کو مبارکباد پیش کی اور کامیاب مدت صدارت کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ صدر کے سی سی آ?ئی نے پی سی ڈی ایم اے کے وفد کو یقین دلایا کہ وہ کمرشل امپورٹرز کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ اس ضمن میں پی سی ڈی ایم اے کراچی چیمبر کو اپنے مسائل سے تفصیلی آگاہ کرے تاکہ متعلقہ حکام تک آواز کو پہنچایا جا سکے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

بڑھ کر 3.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئے جس کی بڑی وجہ ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ پر زیادہ خرچ ہے۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

کانفرنس کا مقصد پاکستان میں ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے مؤثر پالیسی سازی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور استعداد کار میں اضافہ کرنا ہے۔ گزشتہ روز کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقد ہونے والی اس تقریب میں مختلف قومی و بین الاقوامی اداروں کے نمائندگان، ماہرین آثار قدیمہ، پولیس، کسٹم، ایف آئی اے، عدلیہ اور اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں کے ماہرین شریک تھے۔ اس موقع پر شرکا کا کہنا تھا کہ پاکستان کو وادی سندھ اور گندھارا جیسی عظیم تہذیبوں کا ورثہ حاصل ہے، جس کے تحفظ کے لیے قومی اور بین الاقوامی سطح پر مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے۔ شرکا نے اس امر پر زور دیا کہ ثقافتی ورثے کی غیر قانونی تجارت نہ صرف تاریخی شناخت کے نقصان کا باعث بنتی ہے بلکہ اس سے معاشی اور سماجی اثرات بھی مرتب ہوتے ہیں۔ کانفرنس کے دوران ورکشاپ سیشنز میں متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون، قانونی فریم ورک کی بہتری اور یونیسکو کے 1970ء کے کنونشن کے موثر نفاذ پر گفتگو کی جائے گی۔ اختتامی روز یہ توقع کی جا رہی ہے کہ کانفرنس میں شریک ماہرین ایسی سفارشات پیش کریں گے جن کی بنیاد پر پاکستان میں نوادرات کی غیر قانونی تجارت کے سدباب کے لیے عملی اور پائیدار اقدامات کیے جا سکیں گے۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

میں بھرتی، پیشے کی تبدیلی، خدمات کی منتقلی، اقامہ اور ورک پرمٹ سے متعلق فیسیں شامل ہیں۔ یہ دفعات ملازمین کے حقوق و ذمے داریوں کے رہنما اصول میں شامل کی گئی ہیں، جو سعودی وزارت افرادی قوت نے جاری کیے ہیں۔ اس رہنما کتابچے میں گھریلو ملازمین کو باوقار زندگی اور مستحکم کام کے ماحول کی ضمانت دینے والے حقوق کا ایک جامع پیکیج شامل ہے۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

ڈیویڈنڈ ادائیگی فی حصص 7.50 روپے (75 فیصد) تک پہنچ گئی (مالی سال 2024 کے 9 ماہ میں فی حصص 6.00 روپے (60 فیصد تھا)۔ بینک کے مجموعی ڈپازٹس 2.17 ٹریلین روپے پر بند ہوئے۔ ڈپازٹس کی لاگت میں بہتری اور خالص سودی آمدنی (NII) کو مضبوط بنانے کے لیے، بینک الفلاح نے گزشتہ سال کے آخر میں اپنی حکمت عملی تبدیل کرتے ہوئے مدتی اختتام کے بجائے اوسط ڈپازٹ بیلنس میں اضافہ کرنے پر توجہ مرکوز کی۔ بینک کی مجموعی فنانسنگ بک میں سالانہ بنیاد پر 23.9 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

کلفٹن میں منعقدہ سادہ مگر پروقار تقریب میں ٹرسٹ کے وائس چیئرمین حاجی عبدالرزاق بیلی، حاجی حبیب اللہ نیازی، جنرل سیکرٹری حاجی بلال بگٹی اور معروف سوشل انفلوئنسر آفاق خان نے خوش نصیب مستحقین کو رکشوں اور موٹرسائیکلوں کی چابیاں حوالے کیں۔ تقریب کی نظامت ڈاکٹر حمزہ بیلی نے انجام دی۔ معزز مہمانوں نے امہ ویلفیئر ٹرسٹ کی فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام صرف وقتی مدد نہیں بلکہ ایک مستقل معاشی سہارا ہے، جو غربت کے خاتمے اور خوشحالی کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

کو جمع کرانے کے حوالے سے صارفین کے لیے غیر ضروری مراحل رکھے ہوئے ہیں۔ کمیشن کا کہنا تھا کہ دونوں پلیٹ فارم بظاہر رپورٹنگ کے عمل میں گمراہ کن ڈیزائن استعمال کرتے ہیں جس سے صارفین الجھتا ہے اور ناامید ہو سکتا ہے۔ کمیشن نے بتایا کہ میٹا کی بات کی جائے تو فیس بک اور انسٹاگرام دونوں ہی صارفین کے لیے سہل 'نوٹس اور ایکشن' کا میکنزم فراہم نہیں کرتے۔ تاہم، میٹا کی جانب سے کسی قانون کی خلاف ورزی کی تردید کر دی گئی ہے۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

سے مداخلت کر کے پنجاب حکومت سے سندھ کو گندم کے بیج کی فراہمی شروع کرانے کا مطالبہ۔ پیپلز پارٹی کی وفاقی حکومت کی جانب سے یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کے 11 ہزار ملازمین کو بے روزگار کرنے اور ایف بی آر کی جانب سے سندھ کے صنعتی یونٹس سے غیر آئینی طور پر ورکرز ویلفیئر فنڈ کے 172 ارب روپے سندھ کو ادا نہ کرنے والے معاملے پر بھی وفاقی حکومت سے شکایت کی ہے اور 172 ارب روپے اور ای او بی آئی صوبے کے حوالے کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

اسموگ سیفٹی کٹس فراہم کی جا رہی ہیں۔ یہ پروگرام فوری تحفظ اور ریلیف دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے، جو کمپنی کے اس عزم کو اجاگر کرتا ہے کہ وہ ان افراد کی صحت و سلامتی کو اولین ترجیح دیتی ہے جو شہری نقل و حرکت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

45 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان ہوا۔ خط میں یہ بھی بتایا گیا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مارچ 2024 میں نیشنل بینک سے بیرون ملک شیئرز کی فروخت کا ایکسٹرنیل آڈٹ سرٹیفکیٹ طلب کیا تھا۔ تاہم، نیشنل بینک نے بیپرا قواعد کے برخلاف یو بی ایل کے فائدے میں شیئرز 2.90 ملین پاؤنڈز میں فروخت کیے، اور ان اثاثوں کے عوض حاصل شدہ رقم قومی خزانے میں منتقل نہیں کی گئی۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کے مطابق اثاثوں کی درست قیمت کا تعین بھی نہیں کیا گیا تھا، جب کہ ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کے مطابق ان اثاثوں کی اصل مارکیٹ ویلیو 35 ملین برطانوی پاؤنڈز تھی۔ اسٹیٹ بینک کے واضح احکامات کے باوجود اس معاہدے کے نتیجے میں حاصل ہونے والی رقم پاکستان منتقل نہ کرنے کو ریگولیٹری فریم ورک کی خلاف ورزی قرار دیا گیا ہے۔ ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل نے صدر نیشنل بینک سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کی مکمل تحقیقات کی جائیں تاکہ قومی خزانے کو ہونے والے نقصان کا حساب لیا جا سکے اور ذمہ داروں کا تعین کیا جا سکے۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

ریٹیل و سپلائی چین (ٹیکسٹائل)، انڈسٹریل آٹومیشن، الیکٹریکل انجینئرنگ، ٹیسٹنگ، انسپکشن و سرٹیفکیشن، کلین انرجی سلوشنز، اسپیشلٹی کیمیکلز، مینجمنٹ کنسلٹنسی، الیکٹرانکس و کمیونی کیشن ٹیکنالوجی، سیکیورٹی ٹیکنالوجی، اسمارٹ کارڈز اور ڈائیورسفائیڈ ٹریڈنگ وانویسٹمنٹ شامل ہیں۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

بنانے پر زور دیا۔ کونسل ممبر، بانی اور چیئرمین مشرقی افریقہ چیپٹر رفیق سلیمان کی زیر نگرانی بہترین انتظامات کیے گئے جنہوں نے اپنی ٹیم کے ساتھ دو روزہ شاندار تقریب کا انعقاد کیا، جس میں مسلسل اجلاس، نیٹ ورکنگ کے مواقع، اور پرتکلف مہمان نوازی بشمول لنچ، ڈنر اور ہائی ٹی کا خصوصی اہتمام شامل تھا۔ سالانہ اجلاس کے بعد رفیق سلیمان نے آئندہ مدت (اختتام 31 دسمبر 2027) کے لیے کھلے فورم میں انتخابات منعقد کرائے۔ نتائج کے مطابق 2025 تا 2027 کیلئے صدر گلوبل عبدالرحیم جانو، سینئر نائب صدر سراقبال سکرانی، نائب صدر ڈاکٹر اے وی محمد، اعزازی سیکرٹری جنرل حمزہ تابانی، جوائنٹ سیکرٹری اقبال خیسانی، میڈیا سیکرٹری اقبال ایڈوانی اور ایگزیکٹو کونسل ممبر رفیق خانانی منتخب ہوئے۔ تمام 15 چیپٹر چیئرمینز کو دوبارہ منتخب کیا گیا، جبکہ امتیاز سلیمان کو یورپ چیپٹر کا چیئرمین منتخب کیا گیا۔

سڈنی: وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک اور سعودی نائب وزیر صنعت ومعدنی وسائل انجینئر خالد المضاف رملاقات کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

اسٹاک مارکیٹ میں شدید مندی

1962 پوائنٹس کی کمی سے انڈیکس 164590 پر آ گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف پروگرام میں شمولیت کے باوجود معیشت میں مطلوبہ نمونہ ہونے، انسٹی ٹیوشنز اور انشورنس سیکٹر کی اپ سائیڈ پر افٹ ٹیکنگ کے باعث پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں جمعرات کو اتار چڑھاؤ کے بعد مندی رہی جس سے انڈیکس کی 1 لاکھ 66 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

بجلی مہنگی ہونے کا امکان، نیپرا میں درخواست جمع

صارفین پر 8 ارب 41 کروڑ روپے کا بوجھ پڑیگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مہنگی ہونیکا امکان ہے۔ بجلی کمپنیوں نے نیپرا میں درخواست جمع کرادی، ملک بھر کے صارفین پر 8 ارب 41 کروڑ روپے کا بوجھ پڑیگا۔ کپیسٹی پیمنٹس، آپریشن اینڈ مینٹیننس کاسٹ اور بجلی لاسز شامل ہیں، نیپرا 6 نومبر کو درخواست پر سماعت کریگی۔

اسلام آباد: چین اور پنجاب کے وفد کا پاکستان میں زرعی ٹیکنالوجی کے انقلاب کو فروغ دینے کے حوالے سے اجلاس کے موقع پر گروپ فوٹو

گزشتہ سال حج کرنے والوں کو ساڑھے 3 ارب واپس کرنے کا فیصلہ

حج 2026ء کے لیے 40 دن کے حج پیکیج کی رقم 11 لاکھ 50 ہزار روپے جبکہ 25 دن کے شارٹ حج کا پیکیج 12 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے

رقوم کی منتقلی کا عمل حاجیوں کے بینک اکاؤنٹس میں 31 اکتوبر تک مکمل کرلیا جائے گا، حج تربیت کے نظام کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت مذہبی امور نے گزشتہ سال فریضہ حج ادا کرنے والے 66 ہزار 377 حاجیوں کو 3 ارب 45 کروڑ 65 لاکھ 85 ہزار روپے واپس کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ رقوم کی منتقلی کا عمل حاجیوں کے بینک اکاؤنٹس میں 31 اکتوبر تک مکمل کرلیا جائے گا، حج 2026ء کے لیے 40 دن کے حج پیکیج کی رقم 11 لاکھ 50 ہزار روپے جبکہ 25 دن کے شارٹ حج کا پیکیج 12 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے وزارت مذہبی امور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزارت مذہبی امور اور حکومت کی کوشش ہوتی ہے کہ حج اخراجات کو کمتر حد تک کم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

حکومتِ آئی ایم ایف کے ساتھ ٹیکس ہدف میں 1150 ارب روپے کی پر اتفاق

ٹیکس ہدف 13 ہزار 981 ارب روپے کردیا گیا جب کہ سیلاب نقصانات کی تصدیق شدہ رپورٹ پر ٹیکس ہدف میں مزید کمی کا امکان ہے

IMF کیساتھ نئے MEFP ڈرافٹ پر میکرو اکنامک فریم میں تبدیلی پر اتفاق، 1.2 ارب ڈالر کی قسط پر نئی کنٹری رپورٹ میں تمام بینچ مارکس شامل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کے ساتھ ٹیکس ہدف میں 150 ارب روپے کی پر اتفاق کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیکس ہدف 14 ہزار 131 ارب سے گھٹ کر 13 ہزار 981 ارب روپے کردیا گیا جب کہ سیلاب نقصانات کی تصدیق شدہ رپورٹ پر ٹیکس ہدف میں مزید کمی کا امکان ہے۔ جی ڈی پی گروتھ 3.5 فیصد اور ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 11 فیصد مقرر کی گئی تاہم رواں مالی سال جی ڈی پی 1 لاکھ 29 ہزار ارب روپے ہدف تک نہ پہنچنے کا خدشہ ہے۔ آئی ایم ایف کے ساتھ نئے ایم ای ایف پی ڈرافٹ پر میکرو اکنامک فریم میں تبدیلی پر اتفاق ہوگیا، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

امریکی جریدے نے پاکستان کو ''خطے کا فاتح'' قرار دے دیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے معتبر جریدے ''فارن پالیسی'' نے اپنی تازہ ترین رپورٹ میں پاکستان کی حکومتی سفارتکاری اور عسکری ڈپلومیسی کو بھرپور خراج (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

حکومت پنجاب اور سینجنٹا کے درمیان معاہدہ

مقصد مزید پیداوار اور موسمیاتی چیلنجوں کا سامنا کرنے والے زرعی مستقبل کی تعمیر ہے

لاہور (کامرس ڈیسک) پاکستان میں زراعت کو جدید بنانے کی جانب ایک اہم پیشرفت کے طور پر، سینجنٹا پاکستان کے زیر اہتمام حکومت پنجاب کے ایک وفد اور سینجنٹا گروپ، چائنا کے درمیان ملاقات ہوئی۔ یہ ملاقات سینجنٹا پاکستان اور حکومت پنجاب کے وفد کے دورہ بیجنگ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

150 ٹن آلو ''چوری'' مالک سر پکڑ کے بیٹھ گیا

مالک نے اسے ''چوری'' قرار دیا ہے کیونکہ لوگ بنا اجازت کے آلوؤں کو لے گئے

یہ عجیب وغریب واقعہ پولینڈ کے جنوبی مشرقی علاقے ڈبیروویکا میں پیش آیا۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ پولینڈ میں سوشل میڈیا پر ایک اشتہار شائع ہوا جس میں درج تھا کہ ایک کسان تقریباً 150 ٹن آلو فروخت نہ کرنے میں ناکام رہا ہے جس کے بعد یہ تمام آلو لوگوں میں مفت تقسیم کیے جائیں گے۔ اس پوسٹ کے بعد ہنگامہ خیز صورتحال بن گئی، گاڑیاں، ٹریکٹرز اور لوگ اس کھیت پر پہنچ گئے اور وہاں موجود 150 ٹن آلوؤں کے ڈھیر کو اٹھا کر لے گئے۔

امریکا نے روس کی 2 بڑی آئل کمپنیوں پر پابندی عائد کردی

روسی تیل کمپنیوں اور لوک آئل پر لگائی جانیوالی پابندیاں فلیل مدتی ثابت ہوں گی، ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس کی 2 سب سے بڑی آئل کمپنیوں پر پابندیاں عائد کردیں۔ ساڑھے 3 سال سے جاری یوکرین جنگ ختم کرنے کے لیے یورپی یونین نے بھی روس پر دباؤ ڈالنے کے لیے نئی پابندیوں کا ایک تازہ مرحلہ متعارف کرایا ہے۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق ٹرمپ نے کئی ماہ تک روس پر پابندیاں لگانے سے گریز کیا، لیکن ان کا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

پاک افغان جائنٹ چیمبر آف کامرس کا مشترکہ اجلاس

قطر میں منعقد ہونے والے پاک افغان امن مذاکرات اور معاہدے کا خیر مقدم

پشاور (کامرس ڈیسک) پاک افغان جائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (PAJCCI) کے سینئر نائب صدر ضیاء الحق سرحدی، ڈائریکٹر فاروق احمد، کوآرڈینیٹر امتیاز احمد علی نے گزشتہ روز میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اپنے مشترکہ بیان میں قطر کے دارالحکومت دوحہ میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

ٹڈاپ کا سیمینار، ٹیکسٹائل انڈسٹری کی ترقی پر غور

اس سے مسابقت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ممکن ہوگا، ٹڈاپ

کراچی (کامرس رپورٹر) ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) نے ٹیکنیکل ٹیکسٹائلز اور انڈسٹری 4.0 کے اطلاق کے موضوع پر کامیاب سیمینار کا انعقاد کیا، جس میں صنعت، تعلیمی اداروں اور جدت کے ماہرین نے شرکت کی۔ اس سیمینار کا مقصد پاکستان کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ، 19.85 ارب ڈالر ہوگئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) زرمبادلہ کے ذخائر 14 ملین ڈالر اضافے کے بعد 19.85 ارب ڈالر ہوگئے اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

کاسا 1000 منصوبے پر عملدرآمد کیلئے عزم ڈار انسپورٹ منسٹرز کانفرنس شروع

پاکستان تجارتی راہداریوں سے خطے کو معاشی مرکز بنانا چاہتا ہے، سعودیہ، ترکیہ، آذربائیجان، ازبکستان، ایران ودیگر شریک

پاکستان اور پولینڈ کے تھنک ٹینکس میں تعاون بڑھانا ضروری ہے، اسحاق ڈار، پریس کانفرنس اور 2 یادداشتوں پر دستخط

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار کا کہنا ہے کہ پاکستان ریجنل کی نیکو ہبی کا مرکز ہے۔ پاکستان کا سا 1000 منصوبے پر عمل درآمد کیلئے پرعزم ہے۔ اسحٰق ڈار نے اسلام آباد میں ریجنل ٹرانسپورٹ منسٹرز کانفرنس شروع ہوگئی جس سے اسحٰق ڈار نے خطاب کیا۔ اسحٰق ڈار نے 2 روزہ دورہ پر پاکستان پہنچنے والے پولش نائب وزیراعظم وزیر خارجہ راڈوسلاو سیکورسکی کا خیر مقدم کیا۔ دونوں نے دو مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے۔ تفصیل کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کانفرنس سے اپنے خطاب میں کہا سی پیک کا انرجی انفراسٹرکچر، ٹرانسپورٹ اور تجارت میں کلیدی کردار ہے، پاکستان کراس بارڈر سہولیات میں معاونت کیلئے تیار ہے۔ علاقائی راہداریاں ترقی کی راہ ہموار کریں گی، 2 روزہ کانفرنس کے مفید نتائج برآمد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

پولیو کے عالمی دن کے موقع پر رضا کار کینٹ اسٹیشن پر بچے کو ویکسین پلا رہے ہیں

محتسب ٹیکس دینے والے کو عزت دے رہا ہے

آصف محمود جاہ

شکایات کا فیصلہ 60 دنوں میں دیا جاتا تھا، بطور ٹیکس محتسب چار سال میں کئی اہم فیصلے کئے اور ساٹھ ہزار شکایات سنی گئیں

میرا نعرہ ٹیکس دینے والے کو عزت دے رہا ہے، مجھے ٹیکس محتسب کا منصب میرے 29 سالہ ٹیکس تجربے کی بنیاد پر دیا گیا تھا

کراچی (کامرس رپورٹر) وفاقی ٹیکس محتسب آصف محمود جاہ نے کہا ہے کہ میرا نعرہ ٹیکس دینے والے کو عزت دے رہا ہے، مجھے ٹیکس محتسب کا منصب میرے 29 سالہ ٹیکس تجربے کی بنیاد پر دیا گیا تھا، پچھلے دور میں 3 ہزار شکایات سالانہ آتی تھیں اب وہ چھ ہزار سے تجاوز کرگئی ہیں، شکایات کا فیصلہ 60 دنوں میں دیا جاتا تھا، بطور ٹیکس محتسب چار سال میں کئی اہم فیصلے کئے اور ساٹھ ہزار شکایات سنی گئیں، ٹیکس محتسب کے فیصلے نظر ثانی کی درخواست صدر مملکت سن سکتے ہیں، صدر آصف زرداری اور عارف علوی نے ہمارے 98 فیصد فیصلوں کی توثیق کی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بدھ کو کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) میں ممبران سے خطاب کے دوران کیا۔ کراچی چیمبر کے صدر ریحان حنیف، سابق صدر جاوید بلوانی اور دیگر نے بھی خطاب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

ٹریفک اہلکار نو پارکنگ سے کار لفٹر کے ذریعے لیکر جا رہے ہیں جبکہ ایک موٹر سائیکل سوار اس کے نیچے سے گزر رہا ہے

ڈسکوز کے نقصانات کم کیے بغیر توانائی اصلاحات ممکن نہیں

توانائی کے دیرینہ بحران نے پاکستان کی صنعتی مسابقت کو شدید متاثر کیا ہے، میاں زاہد حسین

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹیلیکچوئل فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف پی سی سی آئی کی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ انڈسٹریل سسٹم اینڈ مارکیٹ آپریٹر (ISMO) اور کمپلیٹو ٹریڈنگ بائیلیٹرل کنٹریکٹ مارکیٹ (CTBCM) کا آغاز ملکی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

وفاقی حکومت کا پاسپورٹ میں تبدیلی کا فیصلہ

نئے پاسپورٹ میں چاروں صوبوں کی تاریخی واہم عمارات کی تصاویر شامل ہوں گی، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے قومی پاسپورٹ میں تبدیلی کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاسپورٹ میں تبدیلی کے حوالے سے ڈائریکٹوریٹ جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹ نے وزارت داخلہ سے اجازت حاصل کرلی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نئے پاسپورٹ میں چاروں صوبوں کی تاریخی واہم عمارات کی تصاویر شامل ہوں گی جبکہ اندرونی صفحات پر تاریخمارات کی تصاویر چھاپی جائیں گی۔ نئے پاسپورٹ کا اجراء نظام میں جدت اور ہم آہنگی کے لیے کیا گیا ہے۔ ذرائع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

سیکرٹری کابجز ندیم میمن کی زیر صدارت کابجز کی مرمت کے حوالے سے اجلاس ہو رہا ہے

فلاحی ٹرسٹ کی جانب سے 55 ضرورت مندوں میں مفت رکشے تقسیم

یہ پروگرام صرف وقتی مدد نہیں بلکہ ایک مستقل معاشی سہارا ہے، امہ ویلفیئر ٹرسٹ پاکستان

کراچی (کامرس رپورٹر) امہ ویلفیئر ٹرسٹ پاکستان نے اکم جنریشن پروجیکٹ 2025 کے تحت کراچی کے بے روزگار اور ضرورت مند افراد میں 50 رکشے اور 5 موٹر سائیکلیں بالکل مفت تقسیم کردیں۔ فیز 1 اور فیز 2 کی کامیابی کے بعد فیز 3 کا مرحلہ بھی مکمل ہوگیا۔ زوبل آفس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف عالمی کانفرنس و تربیتی ورکشاپ

اس بین الاقوامی کانفرنس کا مقصد پاکستان میں ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر پالیسی سازی، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور استعداد کار میں اضافہ کرنا ہے

تقریب میں مختلف قومی و بین الاقوامی اداروں کے نمائندگان، ماہرین آثار قدیمہ، پولیس، کسٹم، ایف آئی اے، عدلیہ اور اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں کے ماہرین شریک تھے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) محکمہ ثقافت، سیاحت، نوادرات و آرکائیوز حکومت سندھ اور یونیسکو کے باہمی تعاون سے پاکستان میں ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد اور تربیتی ورکشاپ کا آغاز کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ ثقافت، سیاحت، نوادرات و آرکائیوز، حکومت سندھ کے تحت ڈائریکٹوریٹ جنرل برائے نوادرات و آثار قدیمہ اور یونیسکو کے اشتراک سے ''پاکستان میں ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف جدوجہد'' کے عنوان سے 3 روزہ بین الاقوامی کانفرنس اور تربیتی ورکشاپ کا آغاز گزشتہ روز کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں ہوا۔ اس بین الاقوامی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

سعودی عرب: گھریلو ملازمین سے بھرتی اور ورک پرمٹ فیس لینے پر پابندی

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب نے آجروں پر اپنے گھریلو ملازمین سے بھرتی اور ورک پرمٹ سمیت کسی بھی قسم کی فیس وصول کرنے پر پابندی عائد کردی، جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں 20 ہزار سعودی ریال تک جرمانہ اور 3 سال تک ملازمین کی بھرتی پر پابندی عائد کی جاسکتی ہے۔ سعودی میڈیا کے مطابق کمپنیوں پر یہ پابندی عائد کی گئی ہے کہ وہ ملازمین سے کسی بھی قسم کی فیس وصول نہ کریں، جس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

ایلون مسک کی کمپنی ٹیسلا کے منافع میں 37 فیصد نمایاں کمی

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ایلون مسک کی کار ساز کمپنی ٹیسلا کا منافع رواں سال کی تیسری سہ ماہی کے دوران 37 فیصد کی نمایاں کمی کے ساتھ 1.4 ارب ڈالر رہا۔ ٹیسلا کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ منافع میں کمی کی وجوہات میں ری اسٹرکچرنگ اخراجات میں اضافہ اور ریگولیٹری کریڈٹس سے آمدن میں کمی شامل ہیں۔ کمپنی کی آمدن 12 فیصد بڑھ کر 28.1 ارب ڈالر رہی تاہم آپریٹنگ اخراجات 50 فیصد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

یورپی یونین کے قانون کی خلاف ورزی، انسٹاگرام و فیس بک مشکل میں

دونوں پلیٹ فارم بظاہر رپورٹنگ کے عمل میں گمراہ کن ڈیزائن استعمال کرتے ہیں، کمیشن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پلیٹ فارمز نے غیر قانونی مواد کی شکایت کرنے کیلئے آسان راستہ نہ دے کر یورپی یونین کے قوانین کی خلاف ورزی کی ہے: یورپین کمیشن کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام اور فیس بک نے صارفین کو غیر قانونی مواد کی نشان دہی یا شکایت کرنے کے لیے آسان راستہ نہ فراہم کرکے یورپی یونین کے قوانین کی خلاف ورزی کی ہے۔ تحقیق کے ابتدائی نتائج میں یونین کی ایگزیکٹیو باڈی کا کہنا تھا کہ میٹا (فیس بک اور انسٹاگرام کی مالک کمپنی) نے کسی رپورٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

پنجاب نے سندھ کیلئے گندم بیج کی فراہمی بند کردی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے سندھ کے لئے گندم کے بیج کی فراہمی بند کردی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے صرف پنجاب صوبے میں گندم کے بیج کی فراہمی جاری۔ پنجاب سے گندم کے بیج کی فراہمی بند ہونے کی وجہ سے سندھ میں لاکھوں ایکڑ گندم کی کاشت سخت متاثر ہونے کا خدشہ۔ پیپلز پارٹی کا پنجاب حکومت کے تعصبانہ رویے کے خلاف وفاق کے سامنے سخت احتجاج۔ وزیراعظم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

کراچی: بھارتی ساختہ اشیاء کی غیر قانونی درآمد ناکام

حکام نے مشکوک دستاویزات اور سامان کے معائنے کے بعد غیر قانونی کلیئرنس کو روک دیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کلکٹوریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ (ویسٹ) کراچی نے بھارتی ساختہ اشیاء کی غیر قانونی درآمد کی متعدد کوششیں بروقت کارروائی کے ذریعے ناکام بنادیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مطابق درآمد کنندگان نے 24.22 ملین روپے مالیت کی بھارتی ساختہ ٹیکسٹائل مشینری کی ایک کھیپ کو چین کے ماخذ ملک کے طور پر ظاہر کرکے کلیئر کرانے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

پی سی ڈی ایم اے وفد کی صدر کے سی سی آئی سے ملاقات

تاجر برادری کے مسائل کا بروقت حل ہماری اولین ترجیح ہے، محمد ریحان حنیف

کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر محمد ریحان حنیف نے کہا ہے کہ تاجر برادری کے مسائل کا بروقت حل ہماری اولین ترجیح ہے، کراچی چیمبر تجارتی سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور کاروبار کرنے میں آسانیاں پیدا کرنے کے لیے اپنا موثر کردار ادا کرتا رہے گا۔ یہ بات انہوں نے پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائز مرچنٹس ایسوسی ایشن (پی سی ڈی ایم اے) کے چیئرمین سلیم ولی محمد کی سربراہی میں وفد سے اپنے دفتر میں ملاقات کے موقع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

ابوجا: نائیجیریا میں آئل ٹینکر حادثے کے بعد ٹینکر کا ملبہ سڑک پر موجود ہے

فوڈ پانڈا کی رائیڈرز کے لیے اسموگ سیفٹی کٹس کی تقسیم

ان کٹس میں رائیڈرز کے لیے حفاظتی سامان اور ضروری ادویات شامل ہیں

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان میں موسم سرما کے دوران اسموگ کے پیش نظر معروف آن لائن ڈیلیوری پلیٹ فارم فوڈ پانڈا نے اپنے نئے اقدام (CareofBreath) کا آغاز کیا ہے۔ اس کے تحت رواں ہفتے ملک بھر میں پلیٹ فارم سے وابستہ رائیڈرز میں 8,000 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

نیشنل بینک پر ساڑھے 4 ارب کی بدعنوانی کا الزام، تحقیقات کا مطالبہ

نیشنل بینک نے یو بی ایل کے فائدے میں شیئرز 2.90 ملین پاؤنڈ میں فروخت کیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل بینک آف پاکستان پر مبینہ بدعنوانی کے سنگین الزامات عاید کیے گئے ہیں، جن میں 4 ارب 50 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے اثاثوں کی غیر مجاز فروخت شامل ہے۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل نے صدر نیشنل بینک کو خط ارسال کر کے اس معاملے کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ شیئرز کی غیر مجاز فروخت سے قومی خزانے کو 3 ارب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے

جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ ومہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

info@tijaratnews.tv

0307-0610770

دوسری میمن لیڈرشپ کانفرنس اور انتخابات کامیابی کیساتھ اختتام

مقامی اور بین الاقوامی مندوبین کی ریکارڈ شرکت، دنیا بھر کی مختلف ایم ایل ایف شاخوں کے نمائندگان بھی شامل تھے

اختتامی اجلاس میں سینئر نائب صدر سراقبال سکرانی نے ایک قرارداد پیش کی، جسے متفقہ طور پر منظور کیا گیا

کراچی (کامرس رپورٹر) دوروزہ میمن لیڈرشپ کانفرنس، سالانہ جنرل میٹنگ (اے جی ایم) اور میمن لیڈرشپ فورم (ایم ایل ایف) کے انتخابات گزشتہ روز پرائیڈ ان پیراڈائز ریزورٹ، موموباسا (کینیا) میں کامیابی کے ساتھ مکمل ہوئے۔ اس موقع پر مقامی اور بین الاقوامی مندوبین کی ریکارڈ تعداد نے شرکت کی، جن میں دنیا بھر کی مختلف ایم ایل ایف شاخوں کے نمائندگان شامل تھے۔ تقریب میں ممتاز شخصیات، جن میں سینیٹرز، اراکین پارلیمنٹ اور چیمبر آف کامرس کے صدور شامل تھے، مقررین نے اپنے کلیدی خطابات میں ایم ایل ایف کے بنیادی مشن نوجوان میمن قیادت کی تربیت اور ان کو بااختیار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور قطری ہم منصب شیخ فیصل بن ثانی مشترکہ وزارتی کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جرمنی اور پاکستان کے درمیان سرمایہ صنعتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

جرمن تجارتی وفد نے صنعتکاروں سے بزنس ٹو بزنس ملاقاتیں کیں اور دوطرفہ تجارتی تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا

یہ ایک اعلیٰ سطح کثیر شعبہ جاتی وفد ہے جو صنعتی اشتراک، سرمایہ کاری اور شراکت داری کے امکانات پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے، سائٹ ایسوسی ایشن

کراچی (کامرس رپورٹر) جرمن اماراتی مشترکہ کونسل برائے صنعت وتجارت اور جرمن چیمبرز (اے جی ایچ کے یو اے ای) کے ایک اعلیٰ سطح تجارتی وفد نے پاکستان کے لیے جرمن چیمبرز کے کنٹری ریپریزنٹیٹو فلوریان والٹر کی قیادت میں سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کراچی کا دورہ کیا جس کا مقصد پاکستان اور جرمنی کے درمیان صنعتی تعاون، کاروباری ترقی اور مشترکہ منصوبوں کے امکانات کا جائزہ لینا تھا۔ جرمن تجارتی وفد نے سائٹ ایسوسی ایشن کے ممبرز صنعتکاروں سے بزنس ٹو بزنس ملاقاتیں کیں اور دوطرفہ تجارتی تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا۔ وفد میں مختلف شعبوں کے نمائندے شامل تھے جن میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے نیدرلینڈ کے نئے سفیر رابرٹ یان سیگرٹ ملاقات کر رہے ہیں

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا